باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC Certified مسلسل 23 سال سے قوم کی نمائندگی APNA Member
کراچی، لاہور، راولپنڈی / اسلام آباد، پشاور، کوئٹہ، ملتان کی منفرد خبریں شائع کرنیوالا قومی اخبار
Daily QAUM KI AWAZ karachi
روزنامہ قوم کی آواز کراچی
چیف ایڈیٹر: فراست شاہ
ایگزیکٹیو ایڈیٹر: نصرت حارث
ایڈیٹر: ملک نواز بھٹی
مینجنگ ایڈیٹر: عدنان ملک
جلد:24 | بدھ 24 ربیع الثانی 1448ھ 07 اکتوبر 2026ء | شمارہ:206


رسول اللہ ﷺ نے فرمایا!
''والدین تمہاری جنت بھی ہیں (اگر ان کے ساتھ حسن سلوک کرو) اور تمہاری دوزخ بھی (اگر ان کی نافرمانی کرو)۔''

تکبر کرنے والے
اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے
اور امر حا اور آنکھ والا برابر نہیں۔ اور نہ ایمان لانے والے نیکوکار اور نہ بدکار برابر ہیں (حقیقت یہ ہے کہ) تم بہت کم غور کرتے ہو O قیامت تو آنے والی ہے اس میں کچھ شک نہیں لیکن اکثر لوگ ایمان نہیں رکھتے O اور تمہارے پروردگار نے کہا ہے کہ تم مجھ سے دعا کرو میں تمہاری (دعا) قبول کروں گا۔ جو لوگ میری عبادت سے از راہ تکبر کتراتے ہیں۔ عنقریب جہنم میں ذلیل ہو کر داخل ہوں گے O۔ (سورۃ مومن 40۔۔۔ ترجمہ آیت (58,60)

حضرت علیؓ
''جب تم دنیا کی مفلسی سے تنگ آ جاؤ
اور رزق کا کوئی رستہ نہ نکلے
تو صدقہ دے کر اللہ سے تجارت کرو''۔



احتجاج دھرنے ختم کریں ہمارے دروازے کھلے ہیں



وزیراعظم کی پی ٹی آئی کو مذاکرات کی پیشکش، کہا ڈھائی سال کی محنت سے ملک کو مستحکم کیا ہے، احتجاجی سیاست کا براہ راست نشانہ ملکی معیشت ہے، مارچ اور دھرنوں کے خاتمے کے بعد ہی بات چیت کا عمل ممکن ہو سکے گا

وزیراعظم کا کہنا تھا کہ ایک جانب ملک ترقی کی راہ پر گامزن ہے تو دوسری جانب احتجاج کے باعث برآمدات، درآمدات اور مینوفیکچرنگ سیکٹرز شدید متاثر ہونے کا خدشہ پیدا ہو چکا ہے کیا ترقی کے پہیے کو دوبارہ جام کرنا ملک دشمنی نہیں ہے؟

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نے پی ٹی آئی کو مذاکرات کی مشروط دعوت دے دی۔ وفاقی دارالحکومت میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف نے پاکستان تحریک انصاف کو مذاکرات کی دعوت دیتے ہوئے واضح کیا ہے کہ مارچ اور دھرنوں کے خاتمے کے بعد ہی بات چیت کا عمل ممکن ہو سکے گا۔ پاکستانی ثقافت وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ ڈھائی سال کی انتھک محنت اور ٹیم ورک کے نتیجے میں ملکی معیشت کو مستحکم کیا گیا ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ بڑی مشکل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

اہم خبر



ڈاکٹر ضیاء الدین اسپتال میں روبوٹک سرجری کا باقاعدہ آغاز

روح رواں ڈاکٹر عاصم حسین نے افتتاح کیا، جنرل اور کینسر کی مختلف سرجریز کی سہولیات فراہم کی جائیں گی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شہر کے ایک بڑے نجی ہسپتال میں روبوٹک سرجری پروگرام کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا ہے۔ اس موقع پر منعقدہ افتتاحی تقریب میں ماہرین صحت نے جدید روبوٹک ٹیکنالوجی کے طریقہ کار اور مریضوں کے بہتر علاج کے امکانات پر اظہار خیال کیا۔ روبوٹک سرجری پروگرام کے تحت ڈاکٹر ضیاء الدین ہسپتال میں جنرل اور کینسر کی مختلف سرجریز کی سہولت فراہم کی جائے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

پاکستان کا تجارتی خسارہ پہلی سہ ماہی میں 10.79 ارب ڈالر تک پہنچ گیا

بڑھتا تجارتی خسارہ بیرونی تجارت کیلئے سنجیدہ پالیسی چیلنج ہے، میاں زاہد حسین

کراچی (بزنس رپورٹر) پاکستان بزنس مین اینڈ انٹلیکچوئلز فورم اور آل کراچی انڈسٹریل الائنس کے صدر جنٹیل بزنس گروپ پاکستان کے چیئرمین، ایف پی سی سی آئی پالیسی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

کراچی میں حاملہ خاتون کے قتل کا کیس، سابق شوہر کی بیوی بھی گرفتار

کراچی (این این آئی) بن قاسم ٹاؤن میں 6 ماہ کی حاملہ 28 سالہ خاتون کے قتل کے کیس میں پولیس نے پیش رفت کرتے ہوئے مقتولہ کے سابق شوہر اور سالے کے بعد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

پاکستان شیفس کلب کی چوتھی کلینری چیمپئن شپ 11 اکتوبر کو ہوگی

کراچی (این این آئی) پاکستان شیفس کلب کے زیر اہتمام چوتھی کلینری چیمپئن شپ اور اچیومنٹ ایوارڈز 2026 اتوار 11 اکتوبر کو سلطنت بینکوئٹ، اسکوائر ون مال کے قریب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

پاکستان مائنارٹیز موومنٹ کے جاب فیئر میں نوجوانوں کی بڑی تعداد شریک

ٹیوٹا، صنعتی و تجارتی اداروں، کمپنیوں کے نمائندوں نے نوجوانوں کو ملازمتوں کے حصول کا طریقہ بتایا

کراچی (این این آئی) پاکستان مائنارٹیز موومنٹ کے چیئرمین پیٹر جارلس سہوترا کے وژن کے تحت فیئر کا انعقاد کیا، جس کا مقصد اقلیتی برادری سے تعلق رکھنے والے نوجوانوں اور خواتین کو روزگار کے بہتر مواقع فراہم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)



کراچی: گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی کی موجودگی میں یو بی ایل اور یونیورسل ایگری ٹریکٹر کمپنی کے درمیان گورنر ہاؤس میں شراکت داری دستاویزات پر دستخط کیے جا رہے ہیں اس موقع پر امارات کے قونصل المہری بھی موجود ہیں

زراعت پاکستان کی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہے

سید نہال ہاشمی

کسان مضبوط ہوں گے تو پاکستان کی معیشت مضبوط ہوگی UBL اور UATO کے درمیان شراکت داری کی دستخطی تقریب

UBL کی زرعی فنانسنگ اور UATO کے ٹریکٹر سازی کے تجربے کا امتزاج کسانوں کے لیے مفید ثابت ہوگا، نمائندگان یو بی ایل

کراچی (بزنس رپورٹر) گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی نے کہا ہے کہ زراعت پاکستان کی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہے، پاکستان کے کسان مضبوط ہوں گے تو پاکستان کی معیشت مضبوط ہوگی، زرعی شعبے کو مضبوط بنانا غذائی تحفظ، دیہی خوشحالی اور پائیدار معاشی ترقی کے لیے قومی ضرورت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

IPO پاکستانی وفد کی مونٹی نیگرو میں شاندار آمد



آئی پی او پاکستان کے وفد کی مونٹی نیگرو میں چوتھی آئی پی او کانگریس 2026 میں شرکت کا موقع پر کی تصویر

آئی پی او پاکستان کے 11 رکنی وفد نے پروفیسر ایلیا ژیووتچ تک ڈاکٹر مقصود احمد کا پیغام بھی پہنچایا' عالمی پولیس تعاون اور جدید سیکیورٹی امور پر اہم تبادلہ خیال، اٹلی، فرانس، برطانیہ، امریکہ، جرمنی اور کینیڈا کے نمائندگان بھی شریک ہوئے

ڈاکٹر مقصود احمد کے پیغام میں اس امر پر بھی زور دیا گیا کہ موجودہ عالمی حالات میں جرائم، سیکیورٹی خطرات، ہنگامی صورتحال اور دیگر پیچیدہ چیلنجز سے مؤثر انداز میں نمٹنے کے لیے ممالک کے پولیس اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے درمیان مسلسل رابطہ اور تعاون ناگزیر ہے

کراچی (نمائندہ خصوصی) مونٹی نیگرو میں منعقد ہونے والی چوتھی آئی پی او کانگریس 2026 میں آئی پی او پاکستان کے 11 رکنی وفد نے شرکت کی، جس میں مختلف ممالک سے تعلق رکھنے والے پولیس، سیکیورٹی اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ماہرین اور نمائندگان بھی شریک ہوئے۔ کانگریس کا مقصد عالمی سطح پر پولیسنگ کے شعبے میں تجربات، مہارتوں اور جدید طریقہ کار کے تبادلے کو فروغ دینا اور مختلف ممالک کے اداروں کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

کورنگی کے بعد ضلع ویسٹ کی قیادت بھی فارغ کی جائے، رانا گلزار تاج

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما، چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کے دیرینہ کارکن اور پی ایس 120 کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

مومن آباد میں گٹکا ماوا فروش گرفتار، 8 کلو سے زائد گٹکا برآمد

کراچی (این این آئی) تھانہ مومن آباد پولیس نے گٹکا ماوا فروشی میں ملوث ملزم کو گرفتار کر کے 8 کلو سے زائد گٹکا ماوا برآمد کر لیا۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

عالمی یوم کپاس: سفید سونا خطرے میں، پاکستانی کپاس کا مستقبل داؤ پر

پنگر یو (این این آئی) دنیا بھر میں 7 اکتوبر کو عالمی یوم کپاس منایا جاتا ہے، تاہم یہ دن محض ایک زرعی فصل کی اہمیت اجاگر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

اورنگی سیکٹر 12 میں پولیس مقابلہ، زخمی ملزم گرفتار

دوطرفہ فائرنگ کے بعد ایک ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار، ساتھی موٹر سائیکل پر فرار، اسلحہ اور نقدی برآمد

کراچی (این این آئی) تھانہ اورنگی کی حدود سیکٹر 12 میں رات گئے پولیس اور مسلح ڈاکوؤں کے درمیان مقابلے میں ایک ملزم زخمی حالت میں گرفتار کر لیا گیا جبکہ اس کا ساتھی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

آئی سی ایف سی کی سہولت کاری سے کراچی انڈسٹریل پارک کی توسیع کا فیصلہ

برآمدی صنعت، سرمایہ کاری اور روزگار کا مرکز بنانے کی تیاری، نگرانی و عملدرآمد کیلئے وفاقی خصوصی اقتصادی زون اتھارٹی قائم ہوگی

کراچی (این این آئی) ایس آئی ایف سی کی سہولت کاری سے کراچی میں صنعتی سرگرمیوں کے فروغ کے لیے اہم پیش رفت ہوئی ہے، کراچی انڈسٹریل پارک کو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

سندھ ہائیکورٹ: بھائی کے قتل کے ملزم کی سزائے موت عمر قید میں تبدیل

ذہنی بیماری جرم کے وقت مکمل قانونی استثنیٰ ثابت نہیں کرتی، تاہم سزا کے تعین میں اہم تخفیفی سبب ہو سکتی ہے، عدالت

کراچی (این این آئی) سندھ ہائیکورٹ نے سجاول میں بھائی کو قتل کرنے کے مقدمے میں ملزم نور احمد کی سزائے موت کے خلاف اپیل منظور کرتے ہوئے سزا کو عمر قید میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

آئی پی او پاکستان کے وفد کا خرم علی کی قیادت میں مونٹی نیگرو میں چوتھی کانگریس 2026 کے موقع پر شرکت کے موقع پر لیا گیا گروپ فوٹو

تازہ سرمایہ کاری کے بجائے حصص کی آف لوڈنگ ترجیح، اسٹاک مارکیٹ میں مندی

کراچی (بزنس رپورٹر) نئی مائنڈری پالیسی میں شرح سود میں متوقع اضافے، پاکستان آئی ایم ایف کے درمیان بعض نکات پر ڈیڈ لاک، تجارتی خسارہ ماہوار 8 فیصد کے اضافے سے 3 ارب 50 کروڑ ڈالر کی سطح پر آنے اور منفی سینٹی منٹس کے باعث پاکستان اسٹاک ایکس چینج (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

کراچی: برنس روڈ پر فوڈ اسٹریٹ کی دوبارہ اجازت کی مخالفت

فٹ پاتھ اور سڑکیں تجاوزات سے پاک رکھنے کے عدالتی احکامات کی خلاف ورزی کا خدشہ

علاقہ مکینوں کا وزیراعلیٰ اور چیف سیکریٹری سندھ سے نوٹس لینے کا مطالبہ

کراچی (این این آئی) برنس روڈ کے علاقہ مکینوں نے سڑکوں اور فٹ پاتھوں پر دوبارہ فوڈ اسٹریٹ قائم کرنے کی مبینہ کوششوں پر شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے وزیراعلیٰ سندھ، چیف سیکریٹری سندھ اور دیگر متعلقہ حکام سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔ علاقہ مکینوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

موڈیز کی درجہ بندی میں بہتری، پاکستان کیلئے معاشی تبدیلی کا نیا موقع

ریکارڈ ترسیلات زر نے بیرونی دباؤ کم کیا، اب برآمدات، ڈیجیٹل خدمات، سرمایہ کاری اور پیداواری صلاحیت بڑھانے پر توجہ دینا ہوگی، آئی سی ایم اے پاکستان

کراچی (این این آئی) پاکستان کی مالی سال 2025-26 میں ریکارڈ 41.59 ارب ڈالر کی ترسیلات زر نے ملکی معیشت کو بیرونی دباؤ سے نمٹنے، زرمبادلہ کے ذخائر کو مضبوط بنانے اور معاشی استحکام میں اہم کردار ادا کیا، جس کے نتیجے میں موڈیز نے پاکستان کی خودمختار (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

سندھ کے شہریوں کیلئے موسمیاتی تحفظ اور شہری ترقی کے بڑے منصوبے، ارسلان اسلام شیخ

سندھ کے 5 ڈویژنل ہیڈ کوارٹرز کیلئے ایک ارب ڈالر کا پروگرام

سکھر کیلئے 20 لاکھ ڈالر کی گرانٹ منظور، نومبر میں بین الاقوامی کنسلٹنٹس کام شروع کریں گے

کراچی (این این آئی) میئر سکھر و ترجمان سندھ حکومت بیرسٹر ارسلان اسلام شیخ نے ایشیائی ترقیاتی بینک کے ہیڈ کوارٹر منیلا میں منعقدہ کلائمیٹ ایڈاپٹیشن انویسٹمنٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

فری لانسرز کو بہتر بینکنگ خدمات پیغلا اور HBL میں معاہدہ

ڈیجیٹل معیشت میں فری لانسرز اہم کردار ادا کر رہے ہیں، صدر ایچ بی ایل بینک ناصر سلیم، پیغلا بانی چیئرمین ابراہیم امین

فیصل ملک، ڈاکٹر عمران بٹادہ نے دستخط کیے، عالی شان زیدی، فہد شیخ، فرحین فاطمہ کے ہمراہ دونوں اداروں کے سینئر افسران موجود

کراچی (بزنس ڈیسک) پاکستان فری لانسرز ایسوسی ایشن (پیغلا) اور حبیب بینک نے ملک بھر کے فری لانسرز کو بہتر بینکنگ خدمات فراہم کرنے اور ملک میں فری لانسرنگ کے نظام کو مضبوط بنانے کے لیے ایک مفاہمت کی یادداشت پر دستخط کیے ہیں۔ اس معاہدے پر ایچ بی ایل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)



کراچی: ایچ بی ایل اور پیغلا کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط کئے جا رہے ہیں

تجارتی خسارہ 10.8 ارب ڈالر پہنچنے پر یونائیٹڈ بزنس گروپ کو تشویش

صنعتی خام مال کی تیاری اور درآمدی متبادل صنعتوں کے فروغ کو ترجیح دی جائے، زبیر طفیل

برآمدی صنعتوں کو مسابقتی بنانے کیلئے بجلی، گیس و دیگر پیداواری لاگت کم کی جائے، سابق صدر فیڈریشن



کراچی (علیم نواب خان) یونائیٹڈ بزنس گروپ (یو بی جی) کے صدر اور ایف پی سی سی آئی کے سابق صدر زبیر طفیل نے رواں مالی سال کی پہلی سہ ماہی میں پاکستان کے تجارتی خسارے کے 10.8 ارب ڈالر تک پہنچنے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اگرچہ ستمبر 2026 میں برآمدات میں سالانہ بنیاد پر نمایاں اضافہ ہوا ہے، تاہم درآمدات میں تیزی سے اضافہ تجارتی توازن کیلئے اہم چیلنج ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کو برآمدات میں اضافے کے ساتھ درآمدی بل کو مؤثر انداز میں منظم کرنے کیلئے فوری اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

ڈی آئی جی ٹریفک کراچی کی اویس پراچہ کو تعریفی سند

صدر میں ٹریفک نظام، شہری سہولیات اور تاجر برادری کے مسائل کے حل کیلئے کاوشوں کا اعتراف

کراچی (این این آئی) ڈی آئی جی ٹریفک | کراچی سید پیر محمد شاہ نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

خواتین کی معاشی خودمختاری قومی ترقی کی بنیاد ہے

فرح ناز اکبر

آئی سی سی آئی کاروبار میں آسانیاں پیدا کرنے میں اہم کردار ادا کر رہا ہے، صدر ذکریا اکبر ضیاء کا خصوصی اظہار خیال

سید ذیشان نقوی، فرح اکبر کے ہمراہ موجود، نائب صدر محمد وقاص خان کی والدہ مرحومہ کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی، سینئر نائب صدر محمد اشفاق حسین چٹھہ موجود

اسلام آباد (بزنس رپورٹر) رکن قومی اسمبلی، پارلیمانی سیکرٹری برائے قومی ورثہ و ثقافت ڈویژن اور مسلم لیگ (ن) ویمن ونگ اسلام آباد کی صدر فرح ناز اکبر نے کہا ہے کہ وہ خواتین کو معاشی طور پر بااختیار بنانے اور خواتین کاروباری افراد کو سہولیات کی فراہمی کے لیے اسلام آباد چیمبر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

کراچی میں ڈکیتی کی 2 وارداتیں، 1 کروڑ 40 لاکھ روپے لوٹ لیے گئے

کراچی (این این آئی) شہر میں چند گھنٹوں کے دوران ڈکیتی کی 2 وارداتوں میں مسلح ڈاکو مجموعی طور پر ایک کروڑ 43 لاکھ روپے نقدی لوٹ کر فرار ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق طارق روڈ اور کورنگی میں موٹر سائیکل سوار مسلح ملزمان نے نجی کمپنی اور پیٹرول پمپ کے ملازمین کو اسلحے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

میر رضا کیس: مشکوک گاڑیوں، ریکی اور کرپٹو ٹریڈنگ سے متعلق اہم انکشافات

جوڈیشل کمیشن میں گواہ محمد ریاض کا بیان، 29 جولائی کی شب مسجد خضراء کے قریب دو مشکوک گاڑیاں دیکھنے کی تصدیق، سی سی ٹی وی فوٹیجز میں تعاقب کا تاثر

کراچی (این این آئی) میر رضا کیس کی تحقیقات کیلئے قائم جوڈیشل کمیشن کی کارروائی کے دوران مشکوک گاڑیوں، مبینہ ریکی، سی سی ٹی وی فوٹیجز اور کرپٹو ٹریڈنگ سے متعلق اہم معلومات سامنے آ گئیں۔ گواہ محمد ریاض نے بیان دیا کہ اس نے 29 جولائی کی رات مسجد خضراء کے قریب آلٹو اور ایکسلیو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

کراچی میں خاتون سمیت 3 افراد جاں بحق، نوجوان بار بر کے قتل کا شبہ

احسن آباد میں پولیس افسر کی اہلیہ کی پھندا لگی لاش برآمد

نیو کراچی میں 21 سالہ بار بر کی گلا کٹی لاش ملی، لیاری میں زخمی شخص دوران علاج دم توڑ گیا

کراچی (این این آئی) شہر کے مختلف علاقوں میں خاتون سمیت 3 افراد جاں بحق ہو گئے۔ احسن آباد میں پولیس افسر کی اہلیہ کی پھندا لگی لاش گھر سے برآمد ہوئی، نیو کراچی میں نوجوان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

کراچی: 1 کروڑ سے زائد مالیت کے ریکور شدہ موبائل اصل مالکان کے حوالے

ایس ایس پی ایسٹ زبیر ندیم شیخ نے 263 ریکور شدہ موبائل فونز شہریوں کے سپرد کیے

کراچی (این این آئی) ایسٹ پولیس نے 1 کروڑ روپے سے زائد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

فیڈریشن آف پاکستان چیمبر نے پانی ذخائر نا گزیر قرار دیدیا

ربیع سیزن میں 25 فیصد کمی تشویشناک صنعتی ضروریات متاثر ہوئیں، شاہد عمران

ماحولیاتی ضروریات کا درست تخمینہ لگا کر انہیں منصوبہ بندی کا لازمی حصہ بنایا جانا چاہیے، کنوینر برائے فوڈ



لاہور (بزنس رپورٹر) فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی ریجنل کمیٹی برائے فوڈ کے کنوینر شاہد عمران نے صنعتی اور زرعی شعبوں کی مسلسل بڑھتی ضروریات پوری کرنے کیلئے ترجیحی بنیاد پر پانی کے ذخائر تعمیر کرنے کی فوری ضرورت پر زور دیا ہے۔ اتوار کو لاہور میں بارش کے پانی کا تحفظ کے موضوع پر منعقدہ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ رواں ربیع سیزن میں تقریباً 25 فیصد پانی کی کمی ایک سنگین تشویش کا باعث ہے، جس سے صنعتی ضروریات متاثر ہوئیں، جو 2021 کے بعد سب سے کم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

ڈیفنس خیابان اتحاد میں 4 موٹر سائیکلوں پر سوار ملزمان کی سرعام لوٹ مار

کراچی (این این آئی) ڈیفنس کے علاقے خیابان اتحاد میں 4 موٹر سائیکلوں پر سوار 7 مسلح ملزمان نے سرعام 2 نوجوانوں کو لوٹ لیا، واردات کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہو گئی۔ وائرل ہونے والی ویڈیو میں مسلح موٹر سائیکل سوار ملزمان کو 2 نوجوانوں سے لوٹ مار کرتے دیکھا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

گلستان جوہر میں قانون نافذ کرنے والے ادارے کا اہلکار پراسرار طور پر جاں بحق

اہلیہ نے خودکشی کا بتایا، پولیس نے پوچھ گچھ کیلئے حراست میں لے لیا

کراچی (این این آئی) گلستان جوہر بلاک 19 میں رہائشی عمارت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)



اسلام آباد: رکن قومی اسمبلی پارلیمانی سیکرٹری برائے قومی ورثہ و ثقافت ڈویژن اور صدر مسلم لیگ (ن) ویمن ونگ اسلام آباد فرح ناز اکبر اور وزیراعظم یوتھ پروگرام کے چیئرمین کے فوکل پرسن برائے یوتھ موبلائزیشن اینڈ انگیجمنٹ سید ذیشان نقوی اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری آئی سی سی آئی کے صدر محمد ذکریا اکبر ضیاء کو گلدستہ پیش کر رہے ہیں۔ اس موقع پر سینئر نائب صدر محمد اشفاق حسین چٹھہ نائب صدر محمد وقاص خان ایگزیکٹو ممبران چوہدری مظہر حسین ملک راشد طفیل محمد نعمان شاید عباسی سابق سینئر نائب صدر خالد چوہدری اور دیگر بھی موجود ہیں



کراچی: پاکستان تحریک انصاف سندھ کے صدر حلیم عادل شیخ انصاف ہاؤس کراچی میں پریس کانفرنس کر رہے ہیں اس موقع پر فہیم خان، ارسلان خالد اور راجہ اظہر بھی موجود ہیں

روزنامہ
قوم کی آواز
کراچی
چیف ایڈیٹر: فراست شاہ
ایگزیکٹیو ایڈیٹر: نصرت حارث
منیجنگ ایڈیٹر: عدنان ملک
Reg No. 1/T/0001/642446
ایڈیٹر انچیف و پبلشر فراست شاہ نے وائس آف نیشن گروپ آف پبلیکیشن کے زیر اہتمام روزنامہ ''قوم کی آواز'' کراچی سٹی پریس سے GROUP OF PUBLICATION
چھپوا کر B/11 بلاک 15 الرحمٰن ایونیو نیئر ممتاز منزل گلشن اقبال کراچی سے شائع کیا۔
VON VOICE OF NATION
ایسوسی ایٹ ایڈیٹر: ایس ایم اقبال
جن قارئین کو اخبار نہ ملے یا تاخیر سے ملنے کی شکایت ہو تو براہ کرام ان نمبرز پر اطلاع کریں۔
021 34825826-29 Fax 021 4825830 www.qaumkiawaz.pk

جناب نواز شریف مداخلت کریں۔۔۔!

وزیرِ داخلہ محسن نقوی کی گورنر ہاؤس پشاور میں گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی سے ملاقات ہوئی جس میں صوبے کو دہشت گردی سے بچانے کے لیے آئینی کردار ادا کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ مقامی میڈیا رپورٹس کے مطابق ملاقات میں صوبے میں اَمن و امان کی صورتحال اور پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے لانگ مارچ پر غور کے بعد اتفاق ہوا کہ صدر اور وزیرِ اعظم گورنر راج یا ایمرجنسی کو ضروری سمجھیں تو گورنر ہاؤس اپنا کردار ادا کرے گا۔ اعلامیے میں یہ بھی کہا گیا کہ پی ٹی آئی کے لانگ مارچ میں سرکاری ہیلی کاپٹر اور وسائل کا استعمال عدالتی فیصلوں کی خلاف ورزی ہے۔ ملاقات میں چیف سیکرٹری اور انسپکٹر جنرل (آئی جی) خیبر پختونخوا (کے پی) کے علاوہ آئی جی ایف سی بھی موجود تھے۔ آئی جی خیبر پختونخوا نے وزیرِ داخلہ کو صوبے کی صورتحال پر بریفنگ دی جس میں ان کا کہنا تھا کہ کسی بھی غیر یقینی کی صورتحال سے نمٹنے کے لیے پولیس پوری طرح سے چوکس ہے، مختلف اضلاع سے پولیس اہلکار پولیس لائنز طلب کر لیے گئے ہیں جبکہ کسی بھی ہنگامی صورتحال کیلئے حکمت عملی تیار ہے۔ واضح رہے کہ پی ٹی آئی کے ساتھ مذاکرات کی ناکامی کے بعد وزیرِ داخلہ نے صدر آصف علی زرداری اور وزیرِ اعظم شہباز شریف سے بھی ملاقاتیں کی تھیں جن میں آئندہ کے لائحہ عمل پر مشاورت کی گئی تھی۔ وزیرِ اعظم کے مشیر رانا ثنا اللہ نے بھی شہباز شریف سے رابطہ کر کے انہیں اپوزیشن سے معاہدہ نہ ہونے کی وجوہات سے آگاہ کیا۔ وزیرِ داخلہ نے وزیرِ عظم کو آگاہ کیا کہ خیبر پختونخوا حکومت پولیس ایکٹ 2026ء پر نظرِ ثانی اور انسدادِ دہشت گردی کے معاملات سے متعلق تحریری معاہدے پر دستخط اور 72 گھنٹوں میں عملدرآمد پر رضامند ہو گئی تھی لیکن پھر حتمی مرحلے میں اچانک طے شدہ نکات سے پیچھے ہٹ گئی۔ اُن کا کہنا تھا کہ پولیس اور سکیورٹی معاملات کو سیاسی مداخلت سے محفوظ رکھنے اور صوبے میں دہشت گردوں کو آزادانہ کارروائیوں اور محفوظ پناہ گاہوں سے روکنے کے علاوہ تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) اور تحریک طالبان افغانستان (ٹی ٹی اے) سمیت دیگر تمام دہشت گرد گروہوں کی غیر مبہم مذمت کرنے جیسے نکات سے بھی اتفاق ہو گیا تھا۔

دوسرا نذیر حسین انٹر ورسٹی ٹی ٹوئنٹی کرکٹ ٹورنامنٹ 2026 کا باقاعدہ شاندار آغاز، عاشق حسین

کراچی (اسپورٹس رپورٹر) نذیر حسین یونیورسٹی کے زیر اہتمام دوسرے نذیر حسین یونیورسٹی انٹر ورسٹی ٹی ٹوئنٹی کرکٹ ٹورنامنٹ 2026 کا شاندار افتتاح المنصورہ جیم خانہ کرکٹ گراؤنڈ، گلبرگ میں ہو گیا۔ افتتاحی تقریب کے مہمانِ خصوصی نذیر حسین یونیورسٹی کے چانسلر انجینئر فرحت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)



جمعیت علماء اسلام کا حرمین شریفین پر حملوں کیخلاف احتجاجی مظاہرہ

ڈاکٹر اے جی انصاری کی زیرِ قیادت مظاہرے میں حاجی محمد عباس بگلانی، محکم الدین بروہی، صوفی اللہ یار بروہی، حافظ محمد عثمان بھٹو، رشید احمد بھٹو، قاری ریاض احمد ثانوری، خالد حسین چنہ کی شرکت



جیکب آباد (نامہ نگار) جمعیت علماء اسلام کی جانب سے حرمین شریفین پر حملوں اور سندھ کی وحدت پر وار کے خلاف احتجاجی مظاہرہ ضلعی امیر ڈاکٹر اے جی انصاری، حاجی محمد عباس بگلانی، محکم الدین بروہی، صوفی اللہ یار بروہی، حافظ محمد عثمان بھٹو، رشید احمد بھٹو، قاری ریاض احمد ثانوری، خالد حسین چنہ، مولانا ہمت علی بروہی، مولانا منظور احمد چنہ، مولانا ارشاد احمد اور دیگر کی قیادت میں جامع مسجد مبارکپور سے نکالا گیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

سمیر حسین لغاری کی زیرِ صدارت محمد ہاشم میمن ہیموڈائیلاسز سینٹر میر پور خاص کے انتظامی و مالی امور اور سینٹر کی خدمات کے تسلسل سے متعلق اجلاس



میر پور خاص (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر میر پور خاص سمیر حسین لغاری کی زیرِ صدارت محمد ہاشم میمن ہیموڈائیلاسز سینٹر میر پور خاص کے انتظامی و مالی امور، مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات اور سینٹر کی خدمات کے تسلسل سے متعلق اجلاس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

جیکب آباد بائی پاس پر غنڈہ گردی، غیر قانونی کانٹے پر 10 ہزار روپے بھتہ نہ دینے پر ڈرائیور پر بیہمانہ تشدد اور فائرنگ

جیکب آباد (نامہ نگار) جیکب آباد بائی پاس پر غنڈہ گردی، غیر قانونی کانٹے پر 10 ہزار روپے بھتہ نہ دینے پر ڈرائیور پر بیہمانہ تشدد اور فائرنگ، ہیریار ہوٹل کے قریب قائم غیر قانونی کانٹے پر مافیا کا راج؛ رسید مانگنے پر ڈرائیور ہزار خان پر مسلح افراد کا وحشیانہ تشدد! فائرنگ سے علاقہ تھر تھر کانپ اٹھا! غصے میں آئے ٹرانسپورٹرز اور ڈرائیوروں نے بائی پاس بلاک کر دیا، گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ گئیں!''فی گاڑی 10 ہزار روپے کی جبری بھتہ خوری بند اور غیر قانونی کانٹا ختم ہونے تک بائی پاس نہیں کھولیں گے!'' ٹرانسپورٹرز کا الٹی میٹم تفصیلات کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

میر پور خاص ٹاؤن پولیس کی اہم کارروائی، چابی چور ملزم گرفتار، 19 چوری شدہ موٹر سائیکلیں برآمد

میر پور خاص (بیورو رپورٹ) میر پور خاص ٹاؤن پولیس کی اہم کارروائی، چابی چور ملزم گرفتار، 19 چوری شدہ موٹر سائیکلیں برآمد۔ تفصیلات کے مطابق میر پور خاص ٹاؤن پولیس نے ایس ایچ او ٹاؤن انسپکٹر غازی خان راجڑ کی سربراہی میں اہم کارروائی کرتے ہوئے موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں مبینہ طور پر ملوث چابی چور ملزم کو گرفتار کر لیا پولیس نے ملزم کے قبضے اور اس کی نشاندہی پر مختلف مقامات سے چوری شدہ 19 موٹر سائیکلیں برآمد کر لیں۔ برآمد شدہ موٹر سائیکلوں کے انجن اور چیسز نمبرز بھی ریکارڈ میں درج کر لیے گئے ہیں برآمد شدہ موٹر سائیکلوں کی تفصیلات ہونڈا، ماڈل 2025/ 26، سرخ رنگ انجن نمبر HB014731، چیسز نمبر 20081213 ہونڈا، ماڈل 2018، سرخ رنگ انجن نمبر CD021318، چیسز نمبر C036209 ایکسپریس، ماڈل نامعلوم، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

کنری کا پورا شہر مرچ منڈی میں تبدیل، شہر کی اہم اور مین شاہراہوں اور مصروف سڑکوں پر مرچوں کے غیر قانونی کھلے گوداموں اور ڈھیروں نے شہریوں کی زندگی اجیرن بنا دی

کنری (نامہ نگار) کنری کا پورا شہر مرچ منڈی میں تبدیل، شہر کی اہم اور مین شاہراہوں اور مصروف سڑکوں پر مرچوں کے غیر قانونی کھلے گوداموں اور ڈھیروں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)



جیکب آباد میں سیپکو کی کھلی کچہری، سپرنٹنڈنٹ انجینئر ظہور احمد نوناری نے صارفین کی شکایات سنیں



جیکب آباد (نامہ نگار) جیکب آباد میں سیپکو کی کھلی کچہری، سپرنٹنڈنٹ انجینئر ظہور احمد نوناری نے صارفین کی شکایات سنیں۔ جیکب آباد میں سیپکو انتظامیہ کی جانب سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

جیکب آباد کا چنہ محلّہ فٹبال اسٹیڈیم 'موالیوں کا مسکن' بن گیا! کھیل کا میدان منشیات کے اڈے میں تبدیل، کھلا میدان اور تاریکی جرائم پیشہ عناصر کا گڑھ

جیکب آباد (نامہ نگار) جیکب آباد کا چنہ محلّہ فٹبال اسٹیڈیم 'موالیوں کا مسکن' بن گیا! کھیل کا میدان منشیات کے اڈے میں تبدیل، کھلا میدان اور تاریکی جرائم پیشہ عناصر کا گڑھ، منشیات فروشوں کی کھلم کھلا دندناتا ہوا دھندا؛ معصوم کھلاڑیوں اور نوجوانوں کا مستقبل اندھیروں میں دھکیل دیا گیا! گراؤنڈ میں نشہ کرنے والے موالیوں کی پورے علاقے میں لوٹ مار اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

میر پور خاص سینٹرل جیل میں ملاقات کے نام پر مبینہ رشوت وصولی کی شکایات، اہلِ خانہ کا اعلیٰ حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ

میر پور خاص (بیورو رپورٹ) میر پور خاص سینٹرل جیل میں ملاقات کے نام پر مبینہ رشوت وصولی کی شکایات، اہلِ خانہ کا اعلیٰ حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ میر پور خاص سینٹرل جیل میں قیدیوں سے ملاقات کے لیے آنے والے اہلِ خانہ کی جانب سے مبینہ رشوت وصولی اور ملاقات کے عمل میں مشکلات پیدا کیے جانے کی شکایات سامنے آئی ہیں۔ متاثرہ اہلِ خانہ نے صوبائی وزیر جیل خانہ جات علی حسن زرداری، آئی جی جیل خانہ جات سندھ اور ضلعی انتظامیہ سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق قیدیوں سے ملاقات کے لیے سینٹرل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

حیافا فاؤنڈیشن پاکستان کے زیر اہتمام طلبہ و طالبات میں دینی شعور، تعلیمی دلچسپی اور سیرت النبی سے آگاہی کے فروغ کے لیے منعقدہ کوئز مقابلے کی تقریب



کنری (نامہ نگار) حیافا فاؤنڈیشن پاکستان کے زیر اہتمام طلبہ و طالبات میں دینی شعور، تعلیمی دلچسپی اور سیرت النبی سے آگاہی کے فروغ کے لیے منعقدہ کوئز مقابلے کی تقریب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

پروفیسر اعجاز فاروقی پی سی بی انٹر کلب کرکٹ ٹورنامنٹ میں نیو یونائیٹڈ جمخانہ اور ڈھاکہ اسپورٹس کی کامیابی، راشد احمد، سیکرٹری زون دو



کراچی (اسپورٹس رپورٹر) پی سی بی کی ہدایت پر اور ریجنل کرکٹ ایسوسی ایشن کراچی زون دو کے زیر اہتمام منعقدہ پروفیسر اعجاز فاروقی پی سی بی انٹر کلب کرکٹ ٹورنامنٹ 2026 میں مزید دو میچوں کا فیصلہ ہو گیا راشد لطیف کرکٹ اکیڈمی گراؤنڈ یو پی پر کھیلے گئے پہلے میچ میں نیو یونائیٹڈ جمخانہ نے کوہ نور کرکٹ کلب کو 6 وکٹوں سے شکست دیدی کوہ نور کرکٹ کلب کی ٹیم پہلے بیٹنگ کرتے ہو؟ 34•2 اوورز میں 142 رنز بنا کر آوٹ ہو گئی بلال جعفری نے 38 رنز اور عمار آصف نے 28 رنز اسکور کیے نیو یونائیٹڈ جمخانہ کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

GOLD RATE

سونا 24K-(10 گرام)	387,517
سونا 24K-(فی تولہ)	452,000
سونا 22K-(10 گرام)	355,224
سونا 22K-(فی تولہ)	414,440
چاندی-(10 گرام)	5824

نماز ٹائمنگ

فجر	05:10 am
ظہر	01:30 pm
عصر	05:45 pm
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	09:15 pm

نرخ نامہ برائے پولٹری

نام	قیمت
برائلر مرغی	398/kg
برائلر مرغی کا گوشت	635/kg
انڈے (فارم) ہول سیل	244/Dozen
انڈے (فارم) ریٹیل	260(Dozen)



ٹرینوں کی آمد و رفت

علامہ اقبال ایکسپریس	2:15	8:10
ہزارہ ایکسپریس	7:35	11:45
عوام ایکسپریس	7:00	7:16
سکھر ایکسپریس	11:10	7:10
کراچی ایکسپریس	6:00	11:45
بہاؤالدین زکریا	6:30	8:50
شالیمار ایکسپریس	6:00	11:45
پاکستان ایکسپریس	1:30	8:35
گرین لائن	10:00	1:55
تیز گام	5:30	9:55

شرح تبادلہ

کرنسی	قیمت خرید	قیمت فروخت
امریکی ڈالر	279.00	279.40
یورو	321.18	326.17
برطانوی پونڈ	371.49	375.25
امارات درہم	75.95	76.75
سعودی ریال	74.30	74.95
کویتی دینار	885.17	895.85
کینیڈین ڈالر	195.60	198.00
آسٹریلین ڈالر	176.25	178.50
عمانی ریال	724.50	733.00
جاپانی ین	1.91	1.97
ملائیشین رنگٹ	62.18	62.78
قطری دینار	76.18	76.88
بحرین دینار	740.30	748.30
ہانگ کانگ ڈالر	36.24	36.59
سنگاپور ڈالر	210	212
بھارتی روپیہ	3.12	3.21

International Roundup

ترتیب: علیم نواب خان
تصاویر: نسیم خان

آئی پی او پاکستان کے 11 رکنی وفد کی مونٹی نیگرو میں چوتھی آئی پی او کانگریس 2026 میں شرکت، عالمی پولیس تعاون اور جدید سیکیورٹی امور پر اہم تبادلہ خیال

پروفیسر ایلیا ژیووچ نے آئی پی او پاکستان کے 11 رکنی وفد کا پرتپاک خیر مقدم کیا، اٹلی، فرانس، برطانیہ، امریکہ، جرمنی اور کینیڈا کے نمائندگان بھی شریک ہوئے، تجربات، جدید حکمت عملیوں اور عوامی تحفظ کے طریقہ کار پر گفتگو ہوئی

آئی پی او پاکستان کے وفد نے پروفیسر ایلیا ژیووچ تک ڈاکٹر مقصود احمد کا پیغام پہنچایا، جس میں عالمی تعاون اور ادارہ جاتی روابط مضبوط بنانے کے عزم کا اظہار کیا

ڈاکٹر مقصود احمد کے پیغام میں بین الاقوامی پولیس تعاون کے فروغ پر زور، آئی پی او پاکستان نے مختلف ممالک کے سیکیورٹی ماہرین سے ملاقاتیں بھی کیں، کانگریس نے عالمی پولیس اداروں کو ایک پلیٹ فارم پر جمع کیا





کراچی (نمائندہ خصوصی) مونٹی نیگرو میں منعقد ہونے والی چوتھی آئی پی او کانگریس 2026 میں آئی پی او پاکستان کے 11 رکنی وفد نے پرتپاک خیر مقدم کیا۔ انہوں نے پاکستان سے آنے والے وفد کی شرکت کو کانگریس کے لیے اہم قرار دیتے ہوئے عالمی سطح پر پولیس اداروں کے درمیان رابطوں اور تعاون کی ضرورت پر زور دیا۔ آئی پی او پاکستان کے وفد نے پروفیسر ایلیا ژیووچ تک ڈاکٹر مقصود احمد کا پیغام پہنچایا، جس میں عالمی تعاون اور ادارہ جاتی روابط مضبوط بنانے کے عزم کا اظہار کیا کانگریس کے مختلف اجلاسوں کے دوران جدید پولینگ کے بدلتے ہوئے وفود نے شرکت کی۔ اس موقع پر آئی پی او پاکستان کے وفد کا انٹرنیشنل پولیس آرگنائزیشن کے صدر پروفیسر ایلیا ژیووچ نے پرتپاک خیر مقدم کیا۔ انہوں نے پاکستان سے آنے والے وفد کی شرکت کو کانگریس کے لیے اہم قرار دیتے ہوئے عالمی سطح پر پولیس اداروں کے درمیان رابطوں اور تعاون کی ضرورت پر زور دیا۔ آئی پی او پاکستان کے وفد نے پروفیسر ایلیا ژیووچ تک ڈاکٹر مقصود احمد کا پیغام پہنچایا، جس میں عالمی تعاون اور ادارہ جاتی روابط مضبوط بنانے کے عزم کا اظہار کیا کانگریس کے مختلف اجلاسوں کے دوران جدید پولینگ کے بدلتے ہوئے تقاضوں، ہائبرڈ سیکیورٹی خطرات، ایمرجنسی رسپانس، عوامی تحفظ اور بحرانی صورتحال سے نمٹنے کے لیے ادارہ جاتی تیاری سمیت اہم موضوعات پر تفصیلی اور پیشہ ورانہ تبادلہ خیال کیا گیا۔ شرکاء نے موجودہ دور میں پولیس اور سیکیورٹی اداروں کو درپیش نئے چیلنجز، ٹیکنالوجی کے بڑھتے ہوئے استعمال اور ہنگامی حالات میں مؤثر ردعمل کے لیے باہمی تعاون کی اہمیت پر بھی گفتگو کی۔ آئی پی او پاکستان کے وفد نے کانگریس کے دوران مختلف ممالک سے آنے والے پولیس اور سیکیورٹی ماہرین سے ملاقاتیں کیں اور پیشہ ورانہ امور پر تبادلہ خیال کیا۔ ملاقاتوں میں پولینگ کے جدید نظام، عوامی تحفظ کے مؤثر طریقوں، سیکیورٹی چیلنجز سے نمٹنے کی حکمت عملیوں اور مختلف اداروں کے درمیان تعاون کو مزید بہتر بنانے کے امکانات کا جائزہ لیا گیا۔ ڈاکٹر مقصود احمد کے پیغام میں بین الاقوامی پولیس تعاون کے فروغ پر زور، آئی پی او پاکستان نے مختلف ممالک کے سیکیورٹی ماہرین سے ملاقاتیں بھی کیں۔ وفد نے صدر آئی پی او پاکستان سیکشن ڈاکٹر مقصود احمد کا خصوصی پیغام انٹرنیشنل پولیس آرگنائزیشن کے صدر پروفیسر ایلیا ژیووچ تک پہنچایا۔ پیغام میں بین الاقوامی سطح پر پولیس اور سیکیورٹی اداروں کے درمیان تعاون بڑھانے، تجربات کے تبادلے کو فروغ دینے اور ادارہ جاتی روابط کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ ڈاکٹر مقصود احمد کے پیغام میں اس امر پر بھی زور دیا گیا کہ موجودہ عالمی حالات میں جرائم، سیکیورٹی خطرات، ہنگامی صورتحال اور دیگر پیچیدہ چیلنجز سے مؤثر انداز میں نمٹنے کے لیے ممالک کے پولیس اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے درمیان مسلسل رابطہ اور تعاون ناگزیر ہے۔ آئی پی او پاکستان کے 11 رکنی وفد کی کانگریس میں شرکت کو پاکستان اور دیگر ممالک کے پولیس و سیکیورٹی اداروں کے درمیان روابط کے حوالے سے اہم پیش رفت قرار دیا گیا۔ وفد نے پاکستان میں پولینگ کے تجربات اور ادارہ جاتی صلاحیتوں کے حوالے سے بھی مختلف شرکاء کے ساتھ تبادلہ خیال کیا۔ کانگریس نے عالمی پولیس اداروں کو ایک پلیٹ فارم پر جمع کیا، جہاں مشترکہ مسائل، مہارتوں اور جدید طریقہ کار کے تبادلے کو فروغ دینا اور مختلف ممالک کے اداروں کے درمیان پیشہ ورانہ روابط کو مزید مضبوط بنانا تھا۔ کانگریس میں اٹلی، فرانس، برطانیہ، امریکہ، جرمنی اور کینیڈا سمیت متعدد ممالک کے نمائندہ خصوصی) مونٹی نیگرو میں منعقد ہونے والی چوتھی آئی پی او کانگریس 2026 میں آئی پی او پاکستان کے 11 رکنی وفد نے شرکت کی، جس میں مختلف ممالک سے تعلق رکھنے والے پولیس، سیکیورٹی اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ماہرین اور نمائندگان بھی شریک ہوئے۔ کانگریس کا مقصد عالمی سطح پر پولینگ کے شعبے میں تجربات، مہارتوں اور جدید طریقہ کار کے تبادلے کو فروغ دینا اور مختلف ممالک کے اداروں کے درمیان پیشہ ورانہ روابط کو مزید مضبوط بنانا تھا۔ کانگریس میں اٹلی، فرانس، برطانیہ، امریکہ، جرمنی اور کینیڈا سمیت متعدد ممالک کے تعاون اور پیشہ ورانہ تبادلے کے عمل کو مزید مؤثر بنایا جائے گا تاکہ عوام کے تحفظ، امن و امان اور محفوظ معاشرے کے قیام کے لیے مشترکہ کوششوں کو آگے بڑھایا جاسکے۔ آئی پی او پاکستان کی شرکت کو عالمی سطح پر پاکستان کے پولیس اور سیکیورٹی اداروں کے مثبت اور پیشہ ورانہ کردار کے اظہار کے طور پر بھی دیکھا گیا، جبکہ کانگریس نے مختلف ممالک کے ماہرین کو ایک دوسرے کے تجربات سے استفادہ کرنے اور مستقبل کے چیلنجز کے لیے مشترکہ حکمت عملی تشکیل دینے کا اہم موقع فراہم کیا۔

☆☆☆





مصنوعی ذہانت اور انسدادِ دہشت گردی کا مستقبل:
ابھرتے ہوئے خطرات اور جدید سائبر کرائم کے حل!

عالمی تنازعات کا منظرنامہ بنیادی طور پر طبعی سرحدوں سے منتقل ہوکر ڈیجیٹل دنیا تک پھیل چکا ہے۔ ہم جب 2026ء میں آگے بڑھ رہے ہیں تو انسدادِ دہشت گردی کے میدان میں سب سے اہم محاذ اب سرحدی محافظوں کی نگرانی میں نہیں بلکہ کمپیوٹر کوڈ کی سطروں میں پوشیدہ ہے۔ مصنوعی ذہانت، جسے کبھی انسانیت کی ترقی کے لیے حتمی اور مؤثر ترین ٹیکنالوجی قرار دیا جاتا تھا، تیزی سے ایک دودھاری تلوار میں تبدیل ہو چکی ہے۔ آج جدید مشین لرننگ اور غیر متناسب جنگی حکمتِ عملی کے امتزاج نے ایسے خودکار خطرات کو جنم دیا ہے جو روایتی دفاعی نظام کو بائی پاس کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ اس صورتحال نے دنیا بھر کے انٹیلی جنس اداروں کو قومی سلامتی کے اصولوں اور حکمتِ عملی پر از سرِ نو غور کرنے اور انہیں نئے تقاضوں کے مطابق تشکیل دینے پر مجبور کر دیا ہے۔

دنیا بھر میں سائبر کرائم اور دہشت گرد تنظیموں کی جانب سے بھرتی کے طریقہ کار پہلے سے کہیں زیادہ پیچیدہ اور جدید ہو گئے ہیں۔ شر پسند عناصر اور بین الاقوامی جرائم پیشہ نیٹ ورکس اب سیکیورٹی نظام میں نقب لگانے کے لیے صرف انسانی ہیکرز پر انحصار نہیں کرتے۔ اس کے بجائے، وہ ایسے خودکار مصنوعی ذہانت کے ایجنٹس استعمال کر رہے ہیں جو اہم اور حساس بنیادی ڈھانچے میں موجود سافٹ ویئر کی کمزوریوں کی نشاندہی کرنے اور تیزی سے اپنی ساخت تبدیل کرنے والے مال ویئر حملوں کو انجام دینے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔

''ریاست کا دفاع اب صرف عسکری جدوجہد تک محدود نہیں رہا، بلکہ قومی بقا کے لیے ٹیکنالوجی سے ہم آہنگ ہونا ایک ناگزیر تقاضا بن چکا ہے۔"

تکنیکی تخریب کاری سے آگے بڑھتے ہوئے، جنریٹیو مصنوعی ذہانت (Generative AI) اب غلط معلومات کو ایک مؤثر ہتھیار میں تبدیل کر رہی ہے۔ مغربی دارالحکومتوں سے لے کر مشرقِ وسطیٰ تک، انتہائی حقیقت سے قریب ڈیپ فیکس اور خودکار پروپیگنڈا بوٹس کے ذریعے عوامی رائے کو متاثر کرنے، مالیاتی سطح پر خوف و ہراس پیدا کرنے اور صرف ایک کلک کے ذریعے سماجی بدامنی کو منظم اور ہوا دینے کی کوششیں کی جارہی ہیں۔

جیسے جیسے یہ عالمی خطرات مختلف سطحوں پر اثر انداز ہو رہے ہیں، پاکستان خود کو ایک انتہائی حساس اور غیر محفوظ صورتحال میں پاتا ہے۔ ملک میں تیزی سے ہونے والی ڈیجیٹل منتقلی جس میں موبائل بینکاری، سرکاری ڈیٹا بیس کی ڈیجیٹلائزیشن اور اسمارٹ فونز کا وسیع پیمانے پر استعمال شامل ہے ملک کے بنیادی سائبر سیکیورٹی انفراسٹرکچر کی استعداد سے کہیں زیادہ تیزی سے آگے بڑھ چکی ہے۔



تحریر: محمد عامر خان نیازی

اس خلا نے ڈیجیٹل دنیا کو ریاستی سرپرستی میں کام کرنے والے سائبر مخالف عناصر اور مقامی عسکریت پسند گروہوں دونوں کے لیے ایک پُرکشش میدان بنا دیا ہے۔ پاکستان میں یہ خطرہ مقامی سطح پر الگورتھم کے ذریعے انتہا پسندی کی جانب مائل کرنے کی صورت میں سامنے آ رہا ہے، جہاں شدت پسند نیٹ ورکس خفیہ اور محفوظ ڈیجیٹل پلیٹ فارمز پر علاقائی زبانوں میں خودکار چیٹ بوٹس کے ذریعے کمزور اور متاثر ہونے والے نوجوانوں کو ہدف بنا کر انہیں انتہا پسندی کی طرف راغب اور ذہنی طور پر تیار کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ اسی دوران، ہمارے توانائی کے نظام اور مالیاتی شعبے کو مصنوعی ذہانت سے رہنمائی حاصل کرنے والے ڈیجیٹل نگرانی اور معلوماتی جائزے کے جدید ذرائع کے ذریعے مسلسل جانچنے اور نشانہ بنانے کی کوششیں جاری ہیں۔

ریاست اس صورتحال سے مکمل طور پر غافل نہیں رہی۔ قانون سازی کے میدان میں پریوینشن آف الیکٹرانک کرائمز (ترمیمی) ایکٹ (PECA 2025) کے ذریعے بڑی اصلاحات کی گئیں، جبکہ پرانے ڈیجیٹل ونگز کی جگہ نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (NCCIA) قائم کی گئی۔ مزید برآں نیشنل کاؤنٹر ٹیررازم اتھارٹی (NACTA) نے بھی مقامی ڈیٹا سائنسدانوں اور مصنوعی ذہانت/مشین لرننگ (AI/ML) کے ماہرین کی بھرتی کا عمل تیز کر دیا ہے، تاکہ ڈیجیٹل خطرات کا مقابلہ کرنے کے لیے پیش گوئی پر مبنی ٹیکنالوجیز کو مؤثر طور پر بروئے کار لایا جاسکے۔

تاہم، مؤثر دفاعی حکمتِ عملی کے لیے پالیسی کا دائرہ محض مواد کی نگرانی اور ضابطہ کاری تک محدود نہیں رہنا چاہیے، بلکہ اسے اعلیٰ سطح کی تکنیکی جنگی صلاحیتوں تک وسعت دینا ضروری ہے۔ روایتی فائر والز اب تیزی سے اپنی شکل تبدیل کرنے والے ڈیجیٹل خطرات (Polymorphic Digital Threats) کے مقابلے میں مکمل طور پر ناکافی ثابت ہو رہے ہیں۔ اس مسئلے کا حل ایسے دفاعی مصنوعی ذہانت کے نظام متعارف کرانے میں ہے جو رویوں کے تجزیے (behavioral analytics) کو بروئے کار لاتے ہوئے حقیقی وقت میں غیر معمولی سرگرمیوں کا سراغ لگائیں اور انہیں مؤثر طریقے سے روکیں، تاکہ سائبر حملے کو نیٹ ورک کو مفلوج کرنے سے پہلے ہی ناکام بنایا جاسکے۔

بالآخر، ریاست کا دفاع اب محض ایک عسکری کاوش نہیں رہا بلکہ یہ ایک ناگزیر تکنیکی تقاضا بن چکا ہے۔ پاکستان کے لیے خودمختار اور مصنوعی ذہانت پر مبنی دفاعی صلاحیتوں میں بڑے پیمانے پر سرمایہ کاری کرنا، مقامی انجینئرنگ یونیورسٹیوں کے ساتھ سرکاری و نجی شعبے کے اشتراکِ کار (Public-Private Partnerships) کو فروغ دینا، اور باصلاحیت آئی ٹی ماہرین کو ملک میں برقرار رکھنا اب مستقبل کی کوئی عیش و عشرت نہیں رہی، بلکہ آج قومی بقا کے لیے ایک بنیادی ستون بن چکا ہے۔

بقیہ نمبر 1 «قوم کی آواز»

۔مظاہرین نے ہاتھوں میں پلے کارڈز اور بینرز اٹھا رکھے تھے، جن پر حرمین شریفین کی حرمت و تقدس کے تحفظ، سندھ کی وحدت اور صوبائی خودمختاری کے حق میں نعرے درج تھے۔ احتجاجی ریلی شہر کے مختلف راستوں سے مارچ کرتی ہوئی مین چوک پہنچی، جہاں مظاہرین نے دھرنا دیا۔ اس موقع پر رہنماؤں نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کعبہ اللہ شریف اور مسجد نبوی مسلمانوں کے عقیدے اور ایمان کے مراکز ہیں، ان کی حرمت اور سلامتی کے لیے ہر مسلمان اپنی جان، مال اور وقت قربان کرنے کے لیے تیار ہے۔

بقیہ نمبر 2 «قوم کی آواز»

نے شہریوں کی زندگی اجیرن بنادی۔ مرچوں کی نئی فصل کی بھرپور پیداوار کے بعد شہر میں آلودگی کی شدت میں خطرناک حد تک اضافہ ہوگیا ہے۔ تاجروں کی مبینہ من مانی کے باعث مین روڈز پر جگہ جگہ مرچوں کے ڈھیر لگائے جانے سے شہری دوہرے عذاب میں مبتلا ہیں۔ مرچوں سے اڑنے والی دھول اور تیز بو کے باعث سانس لینا بھی دشوار ہوگیا ہے، جبکہ آنکھوں میں مرچوں کی گرد پڑنے سے ٹریفک حادثات کا خطرہ بھی بڑھ گیا ہے۔ دوسری جانب متعلقہ انتظامیہ نے تاحال اس سنگین مسئلے کا نوٹس نہیں لیا، جس پر شہریوں اور سماجی حلقوں میں شدید تشویش پائی جاتی ہے۔

بقیہ نمبر 3 «قوم کی آواز»

صارفین کے مسائل اور شکایات کے حل کے لیے پنچایتی ہال میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا، جس میں سپرنٹنڈنٹ انجینئر سیپکو ظہور احمد نوناری نے شرکت کرتے ہوئے شہریوں اور بجلی صارفین کی شکایات براہِ راست سنیں۔ کھلی کچہری کے دوران صارفین نے بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ، بار بار ٹرپنگ، کم وولٹیج، بجلی کے بلوں میں اضافی رقم، ڈیٹیکشن بلوں اور دیگر مسائل کے حوالے سے شکایات پیش کیں۔ اس موقع پر سپرنٹنڈنٹ انجینئر ظہور احمد نوناری نے متعلقہ افسران کو صارفین کی جائز شکایات مقررہ وقت کے اندر حل کرنے کی ہدایات جاری کیں۔ سیپکو سپرنٹنڈنٹ انجینئر نے کہا کہ بجلی صارفین کو درپیش مسائل کے حل کے لیے سیپکو انتظامیہ سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے، جبکہ کھلی کچہری کا مقصد شہریوں کو اپنے مسائل براہِ راست حکام کے سامنے پیش کرنے کا موقع فراہم کرنا ہے۔ انہوں نے متعلقہ عملے کو ہدایت کی کہ بجلی صارفین کے ساتھ بھرپور تعاون کیا جائے اور شکایات کے ازالے میں کسی بھی قسم کی غفلت نہ برتی جائے۔ کھلی کچہری میں ایکسین سیپکو شفقت لاشاری، آر او آفتاب کھوسو، ایس ڈی او علیو اَز لاشاری سمیت سیپکو کے متعلقہ افسران، عملے کے نمائندگان اور بڑی تعداد میں بجلی صارفین نے بھی شرکت کی۔

بقیہ نمبر 4 «قوم کی آواز»

محمد خان تھے، جنہوں نے گیند کو ہٹ لگا کر ٹورنامنٹ کا باقاعدہ افتتاح کیا۔ افتتاحی میچ نذیر حسین یونیورسٹی اور کراچی انسٹی ٹیوٹ آف اکنامکس اینڈ ٹیکنالوجی (KIET) کے درمیان کھیلا گیا۔ اس موقع پر نذیر حسین یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر مسرور احمد شیخ، رجسٹرار افضل احمد اور اقراء یونیورسٹی کے ڈائریکٹر اسپورٹس ڈاکٹر شیراز الحسن موہانی بھی موجود تھے۔ نذیر حسین یونیورسٹی کے چانسلر انجینئر فرحت محمد خان نے کہا کہ اسپورٹس اور صحت مند سرگرمیاں طلبہ کی جسمانی صحت کے ساتھ ساتھ ان کی ذہنی صلاحیتوں اور شخصیت سازی میں بھی اہم کردار ادا کرتی ہیں۔

بقیہ نمبر 5 «قوم کی آواز»

چوری کی وارداتیں: مکینوں کی نیندیں حرام!''ایس ایس پی جیکب آباد فوراً نوٹس لے کر گرینڈ کریک ڈاؤن کریں!—'' چنہ محلہ کے مکینوں کی شدید دہائی اور دھماکے دار احتجاج تفصیلات کے مطابق جیکب آباد کے گنجان آباد علاقے چنہ محلہ کا تاریخی اقبال اسٹیڈیم، جو کبھی نوجوانوں کے کھیل کود، صحت مند سرگرمیوں اور خوشحالی کا مرکز ہوا کرتا تھا، آج انتظامیہ اور پولیس کی مجرمانہ غفلت کے باعث موالیوں، چرسیوں اور منشیات فروشوں کی محفوظ پناہ گاہ اور مسکن بن چکا ہے۔ مقامی شہریوں اور محلے کے مکینوں نے شدید احتجاج کیا ہے مکینوں کا کہنا ہے کہ اسٹیڈیم کے اندر اور اطراف میں منشیات فروش بلا خوف وخطر شیشہ، چرس، آئس اور دیگر مہلک نشہ آور اشیاء بیچ رہے ہیں، جس سے محلے کے کمسن بچوں اور نوجوانوں کے معذور اور تباہ ہونے کا شدید خطرہ لاحق ہوگیا ہے۔

بقیہ نمبر 6 «قوم کی آواز»

جیل پہنچنے والے بعض اہل خانہ نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے الزام عائد کیا کہ جیل کے مرکزی گیٹ سے لے کر ملاقات کے مختلف مراحل تک مبینہ طور پر غیر قانونی رقم وصول کی جا رہی ہے۔ شکایت کنندگان کے مطابق گیٹ پر مبینہ طور پر 100 سے 200 روپے تک رقم طلب کی جاتی ہے، جبکہ جیل کے اندر ملاقات کے دوران بعض افراد سے مبینہ طور پر 12 ہزار سے 15 ہزار روپے تک رقم طلب کیے جانے کی شکایات بھی سامنے آئی ہیں۔ اہل خانہ کا کہنا ہے کہ مبینہ رقم ادا نہ کرنے کی صورت میں ملاقات کے عمل میں رکاوٹیں پیدا کی جاتی ہیں اور قیدیوں کے ساتھ ناروا سلوک کیے جانے کا خدشہ رہتا ہے، جبکہ مبینہ طور پر رقم ادا کرنے والے افراد کو اضافی سہولیات فراہم کیے جانے کی شکایات بھی ہیں۔ شکایت کنندگان کے مطابق نئے جیلر کی تعیناتی کے باوجود جیل میں مبینہ طور پر سابقہ طریقہ کار برقرار ہے۔

بقیہ نمبر 7 «قوم کی آواز»

سرخ رنگ انجن/ چیسز نمبر DS1609 ہونڈا، ماڈل 2016، سیاہ رنگ انجن نمبر 696449 ہونڈا، ماڈل 2013، سرخ رنگ انجن نمبر AK398299، چیسز نمبر 6615308 ہونڈا، ماڈل 2016، سرخ رنگ انجن نمبر: 905554، چیسز نمبر C26587 یونیک، ماڈل نامعلوم، سرخ رنگ انجن نمبر DSE1523294، چیسز نمبر DSC2525085 ہونڈا، ماڈل نامعلوم، سرخ رنگ انجن نمبر 6583771، چیسز نمبر AK239021 سپر اسٹار، ماڈل نامعلوم، سرخ رنگ انجن نمبر 488459 ہونڈا، ماڈل 2017، سیاہ رنگ انجن نمبر 8620092، چیسز نمبر CA991293 سپر اسٹار، ماڈل نامعلوم، سیاہ رنگ انجن نمبر SSA719130 ہونڈا، ماڈل 2017، سیاہ رنگ انجن نمبر 2610639 ہونڈا، ماڈل 2023، سرخ رنگ انجن نمبر E930171، چیسز نمبر HA792719 ہونڈا، ماڈل 2020، سرخ رنگ انجن نمبر 0072127، چیسز نمبر CD097234 ہونڈا، ماڈل 2020، سرخ رنگ انجن نمبر CD84987، چیسز نمبر CD160086 ہونڈا، ماڈل 2021، سرخ رنگ انجن نمبر C986649، چیسز نمبر CD711749 ہونڈا، ماڈل 2022، سیاہ رنگ انجن نمبر E039284، چیسز نمبر CH996822 ہونڈا، ماڈل 2023، سیاہ رنگ انجن نمبر E193748، چیسز نمبر HA63629 ہونڈا، ماڈل 2025، سرخ رنگ انجن نمبر P847288، چیسز نمبر JF768568 پولیس کے مطابق برآمد شدہ موٹر سائیکلوں کا ریکارڈ مرتب کر لیا گیا ہے جبکہ گرفتار ملزم سے مزید تفتیش جاری ہے۔

بقیہ نمبر 8 «قوم کی آواز»

نے 4 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا جبکہ حسن نوید نے 2 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا نیو یونائیٹڈ جمخانہ نے اپنا مطلوبہ ہدف 143 رنز 22.5 اوورز میں چار وکٹوں کے نقصان پر پورا کرلیا مطیب احمد نے 34 رنز حارث علی نے ناقابل شکست 32 رنز عمران خان نے 26 رنز اور عمیر احمد نے 23 رنز اسکور کیے حسن خان نے دو کھلاڑیوں کو آوٹ کیا۔ میڈیا کوارڈینیٹر کاشف احمد فاروقی، امپائرنگ کے فرائض زاہد اقبال اور بشیر عباسی نے سرانجام دیے جبکہ محمد احسن آفیشل اسکورر تھے ٹی ایم سی گراونڈ پر کھیلے گئے دوسرے میچ میں ڈھاکہ اسپورٹس نے سرسید کرکٹ کلب کو سات وکٹوں سے شکست دیکر کوارٹر فائنل کے لیے کوالیفائی کرلیا سرسید کرکٹ کلب کی ٹیم پہلے بیٹنگ کرتے ہو؟ 35.3 اوورز میں 199 رنز بنا کر آوٹ ہوگئی احمد رمضانی نے 54 رنز طارق بخت نے 42 رنز اور محمد یوسف نے 25 رنز اسکور کیے ڈھاکہ اسپورٹس کے ظہیر خان نے چار جبکہ عبدالودود اور رضا خان نے دو دو کھلاڑیوں کو آوٹ کیا ڈھاکہ اسپورٹس نے اپنا مطلوبہ ہدف 200 رنز 26.4 اوورز میں 3 وکٹوں کے نقصان پر پورا کرلیا رضا خان نے 76 رنز، سرداروں خان نے ناقابل شکست 68 رنز اور جاوید ولی خان نے 25 رنز اسکور کئے شاہ زیب احمد نے دو کھلاڑیوں کو آوٹ کیا امپائرنگ کے فرائض حمزہ فراز اور احتشام حیدر نے سرانجام دیے جبکہ محمد احسن آفیشل اسکورر تھے۔

بقیہ نمبر 9 «قوم کی آواز»

میں نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ و طالبات میں ایک شاندار تقریب میں انعامات تقسیم کیے گئے۔ تقریب کے مہمان خصوصی رضا حفیظ تھے، جنہوں نے حیا فاؤنڈیشن کی تعلیمی، سماجی اور فلاحی سرگرمیوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ نوجوان نسل کی علمی و اخلاقی تربیت کے لیے اس طرح کی سرگرمیاں وقت کی اہم ضرورت ہیں۔ انہوں نے حیا فاؤنڈیشن کے ذمہ داران کو اپنے ہر ممکن تعاون کا بھی یقین دلایا۔ اس موقع پر حیا فاؤنڈیشن پاکستان کے صدر افروز حسن نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ حیا فاؤنڈیشن گزشتہ چار سال سے کنری میں مسلسل تعلیمی، سماجی اور فلاحی خدمات سرانجام دے رہی ہے۔ ادارہ مختلف تعلیمی سرگرمیوں کے ذریعے طلبہ و طالبات کی صلاحیتوں کو نکھارنے اور ان میں مثبت اور دینی سوچ پیدا کرنے کے لیے کوشاں رہے گا۔ انہوں نے پروگرام کی کامیابی میں تعاون کرنے والے تمام مہمانوں، میڈیا نمائندگان، اساتذہ، طلبہ اور رضاکاروں کا خصوصی شکریہ ادا کیا اور اسی عزم کا اظہار کیا۔

بقیہ نمبر 10 «قوم کی آواز»

مطابق جیکب آباد کے بائی پاس پر بہار یار ہوٹل کے قریب مسلح افراد اور غیر قانونی وزن کے کانٹے کے ٹھیکیداروں کی غنڈہ گردی اور بھتہ خوری کے خلاف ٹرانسپورٹرز کا صبر جواب دے گیا۔ غیر قانونی کانٹے پر 10 ہزار روپے کی وصولی کے خلاف آواز اٹھانے والے ڈرائیور پر وحشیانہ تشدد اور فائرنگ کے بعد بائی پاس روڈ کو مکمل طور پر بلاک کر دیا گیا ہے، جس سے سندھ، بلوچستان اور پنجاب کو ملانے والی اہم شاہراہ پر ٹریفک معطل ہو کر رہ گئی ہے۔ بائی پاس پر قائم غیر قانونی کانٹے پر گزرنے والے ہر ٹرک اور ٹریلر سے اضافی وزن (اوور لوڈنگ) کے نام پر پرائیویٹ غنڈوں کی جانب سے بلا جواز 10 ہزار روپے وصول کیے جا رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 11 «قوم کی آواز»

کمشنر کانفرنس ہال میں منعقد ہوا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر سمیر حسین لغاری نے کہا کہ دکھی انسانیت کی خدمت سے بڑھ کر کوئی نیکی نہیں، ضرورت مند مریضوں کی زندگی آسان بنانے میں اپنا کردار ادا کرنا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہیموڈائیلاسز سینٹر کا فعال رہنا انتہائی ضروری ہے تاکہ گردوں کے مریضوں کو علاج کی سہولیات بلاتعطل فراہم کی جاسکیں۔ انہوں نے بتایا کہ سندھ حکومت کی جانب سے ہیموڈائیلاسز سینٹر کے لیے ایک کروڑ روپے جاری کیے گئے ہیں، جبکہ سینٹر کے تسلسل کے لیے مزید دو کروڑ روپے درکار ہیں، جو کمیٹی اپنے ذرائع اور فنڈ ریزنگ کے ذریعے جمع کرے گی۔ انہوں نے کمیٹی اراکین پر زور دیا کہ وہ فنڈ ریزنگ میں فعال کردار ادا کریں تاکہ سینٹر کی خدمات مستقل بنیادوں پر جاری رکھی جاسکیں۔

بقیہ نمبر 12 «قوم کی آواز»

سے حاصل ہونے والا میکرو اکنامک استحکام قوم کی آواز اور پاکستان کی عظمت کے لیے ناگزیر ہے۔ انہوں نے افسوس کا اظہار کیا کہ مذاکرات کو کامیاب بنانے کی تمام کوششیں بار آور ثابت نہ ہو سکیں۔ وزیراعظم کا کہنا تھا کہ ایک جانب ملک ترقی کی راہ پر گامزن ہے تو دوسری جانب احتجاج کے باعث برآمدات، درآمدات اور مینوفیکچرنگ سیکٹرز شدید متاثر ہونے کا خدشہ پیدا ہو چکا ہے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ دھرنوں اور احتجاج کی سیاست کا براہ راست نشانہ ملکی معیشت بنے گی۔ وزیراعظم نے سوال اٹھایا کہ کیا ترقی کے پہیے کو دوبارہ جام کرنا ملک دشمنی نہیں ہے؟ انہوں نے اپوزیشن پر زور دیا کہ ہوش کے ناخن لیں اور ملک کی عالمی ساکھ کو داؤ پر لگانے سے گریز کریں۔

بقیہ نمبر 13 «قوم کی آواز»

گی، جن میں پتے، ہرنیا اور آنتوں سمیت دیگر پیچیدہ سرجریز کے طریقہ کار شامل ہیں، جبکہ گائناکولوجیکل سرجریز بھی روبوٹک ٹیکنالوجی کے ذریعے انجام دی جائیں گی۔

بقیہ نمبر 14 «قوم کی آواز»

ایڈوائزری بورڈ کے چیئرمین اور سابق صوبائی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی میاں زاہد حسین نے کہا ہے کہ مالی سال 2026-27 کی پہلی سہ ماہی میں برآمدات میں 10.84 فیصد اضافہ خوش آئند ہے، تاہم درآمدات میں 13.21 فیصد اضافے کے باعث تجارتی خسارہ 15.13 فیصد بڑھ کر 10.79 ارب ڈالر تک پہنچ گیا ہے، جو بیرونی تجارت کے توازن کیلئے سنجیدہ پالیسی چیلنج ہے۔ انہوں نے جولائی تا ستمبر 2026 کے تجارتی اعداد و شمار کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ اس عرصے میں ملکی برآمدات 8.42 ارب ڈالر رہیں، جبکہ گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں برآمدات تقریباً 7.60 ارب ڈالر تھیں۔ اسی طرح درآمدات بڑھ کر 19.21 ارب ڈالر ہوگئیں، جو گزشتہ سال کی پہلی سہ ماہی میں 16.97 ارب ڈالر تھیں۔ اس طرح درآمدات میں 13.21 فیصد اضافہ برآمدات کی 10.84 فیصد نمو سے زیادہ رہا اور سہ ماہی تجارتی خسارہ گزشتہ سال کے 9.37 ارب ڈالر سے بڑھ کر 10.79 ارب ڈالر ہوگیا۔

بقیہ نمبر 15 «قوم کی آواز»

ڈالمیا روڈ کراچی میں منعقد ہوں گے۔ پاکستان شیفس کلب کی بانی و چیف ایگزیکٹو شیف نورین اشرف کی زیر قیادت منعقد ہونے والی اس چیمپئن شپ میں پیشہ ور شیفس، کھانا پکانے کے شعبے کے طلبہ، ہوم شیفس اور کھانے پکانے سے دلچسپی رکھنے والے افراد شرکت کریں گے۔ منتظمین کے مطابق شرکاء کی مہارت، تخلیقی صلاحیت اور فنی قابلیت کو جانچنے کے لیے مختلف کھانوں کے مقابلوں کا انعقاد کیا جائے گا، جن میں خصوصی طور پر کیک ڈسپلے، ریڈی فرم ہوم اور لائیو کوکنگ شامل ہیں۔ شرکاء انفرادی طور پر یا ٹیموں کی صورت میں مقابلوں میں حصہ لے سکیں گے۔ منتظمین کا کہنا ہے کہ چیمپئن شپ کا مقصد شرکاء کو اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کے اظہار کے لیے ایک مؤثر پلیٹ فارم فراہم کرنا، تخلیقی صلاحیتوں کو فروغ دینا، مہارتوں میں بہتری لانا اور کھانا پکانے کے شعبے سے وابستہ افراد کے درمیان صحت مند مسابقت کو فروغ دینا ہے۔ چیمپئن شپ میں شفاف اور منصفانہ طریقہ کار کے تحت شرکاء کی کارکردگی کا جائزہ لیا جائے گا اور حاصل کردہ نمبروں کی بنیاد پر تمغے دیے جائیں گے۔ 90 سے 100 فیصد نمبر حاصل کرنے والوں کو طلائی، 80 سے 89 فیصد پر چاندی اور 70 سے 79 فیصد نمبر حاصل کرنے والوں کو کانسی کے تمغے دیے جائیں گے، جبکہ 65 سے 69 فیصد نمبر حاصل کرنے والے شرکاء کو تعریفی اسناد دی جائیں گی۔ منتظمین نے خصوصی افراد کی شرکت کی حوصلہ افزائی کے لیے معذور شیفس کے لیے خصوصی رعایتی سہولت بھی فراہم کی ہے۔ کلینری چیمپئن شپ کے ساتھ اچیومنٹ ایوارڈز 2026 کی تقریب بھی ہوگی، جس میں کھانے اور پکوانوں کے شعبے میں نمایاں کارکردگی اور خدمات انجام دینے والے افراد کو اعزازات سے نوازا جائے گا۔ منتظمین کے مطابق تقریب کا مقصد پاکستان میں کھانا پکانے کے فن میں اعلیٰ معیار کو فروغ دینا، نئے ٹیلنٹ کی حوصلہ افزائی کرنا اور شیفس وطلبہ کو اپنی صلاحیتوں اور تخلیقی کاوشوں کے اعتراف کا موقع فراہم کرنا ہے۔

بقیہ نمبر 16 «قوم کی آواز»

اس کی بیوی کو بھی گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق بن قاسم انویسٹی گیشن پولیس نے اسٹیل مل روڈ پر جناح گیٹ کے قریب جھاڑیوں سے مقتولہ کشف جمال کی لاش ملنے کے واقعے کی تحقیقات کے دوران سابق شوہر کی بیوی صبا کو بھی گرفتار کرلیا ہے۔ اس سے قبل انویسٹی گیشن پولیس مقتولہ کے سابق شوہر یاسر درانی اور اس کے سالے تیمور کو گرفتار کرچکی ہے۔ پولیس نے لاش ٹھکانے لگانے میں استعمال ہونے والی سفید رنگ کی سوزوکی آلٹو کار اور واردات میں استعمال کیا جانے والا اسلحہ بھی برآمد کرلیا ہے۔ تفتیشی حکام کے مطابق 30 ستمبر کو بن قاسم اسٹیل مل روڈ جناح گیٹ کے قریب جھاڑیوں سے 26 سالہ کشف جمال کی لاش ملی تھی، جسے فائرنگ کرکے قتل کیا گیا تھا۔ پولیس کے مطابق مقتولہ 6 ماہ کی حاملہ بھی تھی۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ کشف جمال کی شادی یاسر درانی سے ہوئی تھی تاہم طلاق کے باوجود دونوں رابطے میں تھے۔ تفتیش کے مطابق سابق شوہر یاسر درانی نے تیمور کے ساتھ مل کر مبینہ طور پر قتل کا منصوبہ بنایا اور کشف کو سوزوکی آلٹو میں فائرنگ کرکے قتل کیا گیا۔ تفتیش کے دوران یہ بھی سامنے آیا کہ واردات کے وقت یاسر درانی کی اہلیہ صبا بھی گاڑی میں موجود تھی۔ پولیس کے مطابق مقتولہ کی لاش گاڑی کی عقبی نشست پر رکھ کر بن قاسم جناح گیٹ کے قریب جھاڑیوں میں پھینکی گئی، جس کے بعد ملزمان فرار ہوگئے۔ انویسٹی گیشن پولیس نے صبا کو بھی گرفتار کرکے واردات میں استعمال ہونے والا اسلحہ اور سفید رنگ کی آلٹو کار برآمد کرلی ہے، جبکہ واقعے میں ملوث دیگر ملزمان کی گرفتاری کے لیے پولیس کی جانب سے مختلف مقامات پر چھاپے مارے جارہے ہیں۔

بقیہ نمبر 17 «قوم کی آواز»

کرنا، فنی و تکنیکی تعلیم کو روزگار سے منسلک کرنا اور نوجوانوں کو باعزت روزگار کے حصول میں معاونت فراہم کرنا تھا۔ جاب فیئر میں مختلف صنعتی و تجارتی اداروں، کمپنیوں اور روزگار فراہم کرنے والے اداروں نے شرکت کی، جہاں نوجوانوں کو ملازمتوں کے مختلف مواقع، بھرتی کے طریقہ کار اور مطلوبہ اہلیت کے بارے میں آگاہ کیا گیا۔ بڑی تعداد میں نوجوانوں نے جاب فیئر میں شرکت کی اور مختلف کمپنیوں کے نمائندگان کو اپنے تعلیمی کوائف اور تجربے سے آگاہ کیا۔ پاکستان مائنارٹیز موومنٹ کے چیئرمین پیٹر چارلس سہوترا نے کہا کہ ہماری منزل انحصار سے بااختیاری، انتخاب کے بجائے حقیقی شرکت اور محرومی کے بجائے مساوی مواقع ہیں۔ حقیقی بااختیاری کیلئے نوجوانوں کو تعلیم، ہنر اور روزگار کے عملی مواقع فراہم کرنا ضروری ہے، ہمارا مشن مضبوط اقلیتیں، مضبوط پاکستان' ہے۔ پاکستان مائنارٹیز موومنٹ اقلیتوں کو متحد کرنے، آئینی حقوق سے آگاہی، معاشی مواقع اور جمہوری و انتخابی عمل میں براہ راست شرکت کیلئے شعور اجاگر کر رہی ہے، درست مردم شماری، ووٹر رجسٹریشن، سیاسی شعور اور اقلیتی شہریوں کی قومی سیاست میں موثر شرکت کیلئے بھی آواز بلند کر رہی ہے۔ پیٹر چارلس سہوترا نے کہا کہ نوجوان کسی بھی ملک کا قیمتی سرمایہ ہوتے ہیں اور انہیں تعلیم، ہنر اور روزگار کے مساوی مواقع فراہم کرنا معاشرے کی اجتماعی ذمہ داری ہے، اقلیتی برادری کے نوجوانوں کو قومی دھارے میں موثر انداز میں شامل کرنے کیلئے فنی تعلیم، ہنرمندی اور روزگار کے مواقع میں اضافہ ناگزیر ہے، اس نوعیت کے جاب فیئر نہ صرف نوجوانوں کو روزگار کے مواقع فراہم کرتے ہیں بلکہ انہیں اپنی صلاحیتوں کو عملی میدان میں بروئے کار لانے کا موقع بھی دیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی ترقی میں اقلیتی برادری کے نوجوانوں کا کردار نہایت اہم ہے اور انہیں مساوی مواقع فراہم کرکے ملک کی معاشی و سماجی ترقی کو مزید مضبوط بنایا جاسکتا ہے۔

بقیہ نمبر 18 «قوم کی آواز»

میں پیر کو بھی محدود اتار چڑھاؤ کے بعد مندی کے بادل چھائے رہے جس سے انڈیکس کی 1 لاکھ 68 ہزار، 1 لاکھ 67 ہزار اور 1 لاکھ 66 ہزار پوائنٹس کی مزید 3 سطحیں بھی گر گئیں، مندی کے سبب 82 فیصد حصص کی قیمتیں گر گئیں جبکہ سرمایہ کاروں کے مزید 2 کھرب 61 ارب 07 کروڑ 31 لاکھ 91 ہزار 840 روپے ڈوب گئے۔ سرمایہ کاری کے شعبوں کی جانب سے تازہ سرمایہ کاری کے بجائے حصص کی آف لوڈنگ کو ترجیح دی گئی یہی وجہ ہے کہ کاروبار کا بیشتر دورانیہ منفی سمت پر گامزن رہا، کاروبار کے اختتام پر کے ایس ای 100 انڈیکس 2288.17 پوائنٹس کی کمی سے 165867.32 پوائنٹس کی سطح پر بند ہوا۔ دریں اثنا بین الاقوامی بلین مارکیٹ میں ایک روزہ وقفے کے بعد فی اونس سونے کی قیمت دوبارہ 12 ڈالر کے اضافے سے 4 ہزار 150 ڈالر کی سطح پر آگئی جس کے باعث مقامی صرافہ مارکیٹوں میں بھی پیر کو فی تولہ سونے کی قیمت 1 ہزار 200 روپے کے اضافے سے 4 لاکھ 37 ہزار 336 روپے کی سطح پر آگئی اور فی دس گرام سونے کی قیمت 1 ہزار 029 روپے کے اضافے سے 3 لاکھ 74 ہزار 087 روپے کی سطح پر آگئی۔ علاوہ ازیں زرمبادلہ کی دونوں مارکیٹوں میں پیر کو بھی ڈالر کے مقابلے میں روپیہ مضبوط رہا اور طویل وقفے کے بعد ڈالر کے اوپن ریٹ 279 روپے سے بھی نیچے آگئے۔ کاروبار کے اختتام پر ڈالر کی قدر مزید 01 پیسے کی کمی سے 277 روپے 06 پیسے کی سطح پر بند ہوئی جبکہ اوپن کرنسی مارکیٹ میں بھی ڈالر کی قدر 25 پیسے کی کمی سے 278 روپے 93 پیسے کی سطح پر بند ہوئی۔

بقیہ نمبر 19 «قوم کی آواز»

تبدیل کردیا۔ عدالت نے اپنے فیصلے میں قرار دیا کہ ملزم کے خلاف قتل کا الزام قابل اعتماد شواہد کی بنیاد پر ثابت ہوتا ہے، تاہم عدالتی حکم پر قائم کیے گئے میڈیکل بورڈ نے ملزم کے سنگین ذہنی مرض میں مبتلا ہونے کی تصدیق کی ہے۔ عدالت نے قرار دیا کہ ذہنی بیماری جرم کے وقت ملزم کو مکمل قانونی استثنیٰ فراہم کرنے کے لیے کافی نہیں، تاہم ملزم کی ذہنی بیماری سزا کے تعین میں ایک اہم تخفیفی سبب بن سکتی ہے۔ عدالت نے جیل سپرنٹنڈنٹ کو ہدایت کی کہ دوران قید ملزم کا باقاعدگی سے نفسیاتی معائنہ کرایا جائے اور اس کے علاج اور ادویات کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ عدالت نے مزید حکم دیا کہ سزا مکمل ہونے سے قبل ملزم کو سرکاری نفسیاتی ادارے میں جامع طبی اور نفسیاتی معائنے کے لیے بھیجا جائے۔

بقیہ نمبر 20 «قوم کی آواز»

برآمدی صنعت، سرمایہ کاری اور روزگار کے بڑے مرکز کے طور پر توسیع دینے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ کراچی انڈسٹریل پارک کی نگرانی اور منصوبے پر عملدرآمد کے لیے وفاقی خصوصی اقتصادی زون اتھارٹی قائم کی جائے گی۔ ایڈیشنل سیکریٹری ایس آئی ایف سی ساجد قاضی کی قیادت میں وفاقی خصوصی اقتصادی زون اتھارٹی کے وفد نے کراچی کی کاروباری برادری کے ساتھ اہم اجلاس کیا، جس میں سرمایہ کاروں کو درپیش مسائل، سہولت کاری اور کاروباری رکاوٹوں کے خاتمے کے اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں کراچی میں صنعتی سرگرمیوں کے فروغ، سرمایہ کاری میں اضافے اور برآمدی مواقع پیدا کرنے کے لیے مختلف امور کا جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر بتایا گیا کہ ایس آئی ایف سی کی سہولت کاری سے کراچی میں صنعتی و کاروباری سرگرمیوں کے نئے مواقع پیدا ہو رہے ہیں۔ اجلاس میں سرمایہ کاروں کو سہولتیں فراہم کرنے اور کاروباری رکاوٹیں دور کرنے کے لیے متعلقہ اداروں کے درمیان رابطہ کاری مزید مؤثر بنانے پر بھی زور دیا گیا۔

بقیہ نمبر 21 «قوم کی آواز»

موٹرسائیکل پر فرار ہوگیا۔ ایس ایس پی ویسٹ طارق الٰہی مستوئی کے مطابق پولیس اور مسلح ملزمان کے درمیان دوطرفہ فائرنگ کا تبادلہ ہوا، جس کے نتیجے میں ایک ملزم زخمی ہوگیا جسے گرفتار کرلیا گیا، جبکہ موٹرسائیکل سوار اس کا ساتھی موقع سے فرار ہوگیا۔ زخمی ملزم کی شناخت حضرت بلال ولد شیر حسن کے نام سے ہوئی ہے۔ پولیس نے گرفتار ملزم کے قبضے سے اسلحہ بمعہ گولیاں، چلیدہ خول اور نقدی رقم برآمد کرنے کا دعویٰ کیا ہے۔ زخمی ملزم کو طبی امداد کیلئے اسپتال منتقل کردیا گیا ہے، جبکہ واقعے کی ضابطے کے مطابق کارروائی جاری ہے۔ پولیس نے فرار ہونے والے ساتھی ملزم کی گرفتاری کیلئے بھی کارروائیاں شروع کردی ہیں۔

بقیہ نمبر 22 «قوم کی آواز»

درمیان پیشہ ورانہ روابط کو مزید مضبوط بنانا تھا۔ کانگریس میں اٹلی، فرانس، برطانیہ، امریکہ، جرمنی اور کینیڈا سمیت متعدد ممالک کے وفود نے شرکت کی۔ اس موقع پر آئی پی او پاکستان کے وفد کا انٹرنیشنل پولیس آرگنائزیشن کے صدر پروفیسر ایلیا ڈیویچ نے پرتپاک خیرمقدم کیا۔ انہوں نے پاکستان سے آنے والے وفد کی شرکت کو کانگریس کے لیے اہم قرار دیتے ہوئے عالمی سطح پر پولیس اداروں کے درمیان رابطوں اور تعاون کی ضرورت پر زور دیا۔ آئی پی او پاکستان کے وفد نے پروفیسر ایلیا ڈیویچ تک ڈاکٹر مقصود احمد کا پیغام پہنچایا، جس میں عالمی تعاون اور ادارہ جاتی روابط مضبوط بنانے کے عزم کا اظہار کیا گیا۔ کانگریس کے مختلف اجلاسوں کے دوران جدید پولیسنگ کے بدلتے ہوئے تقاضوں، ہائبرڈ سیکیورٹی خطرات، ایمرجنسی ریسپانس، عوامی تحفظ اور بحرانی صورتحال سے نمٹنے کے لیے ادارہ جاتی تیاری سمیت اہم موضوعات پر تفصیلی اور پیشہ ورانہ تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ نمبر 23 «قوم کی آواز»

جنرل سیکریٹری رانا گلزار تاج نے ضلع کورنگی کی تنظیم تحلیل کرنے کے فیصلے کا خیرمقدم کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ ضلع ویسٹ کی تنظیمی اور سیاسی صورتحال کا بھی غیر جانبدارانہ جائزہ لے کر تنظیمی تبدیلیاں کی جائیں۔ اپنے بیان میں رانا گلزار تاج نے کہا کہ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی جانب سے ضلع کورنگی کی تنظیم تحلیل کرنے کا فیصلہ جرات مندانہ اور بروقت ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس اقدام سے یہ پیغام گیا ہے کہ پارٹی میں نظم وضبط، شفافیت اور کارکنوں کے حقوق کے معاملات کو اہمیت دی جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کرپشن، ناقص کارکردگی اور پارٹی پالیسی کے خلاف سرگرمیوں پر سخت موقف اختیار کیا جانا چاہیے۔ ان کا کہنا تھا کہ پارٹی پالیسی کے خلاف کام کرنے والوں کیلئے کوئی رعایت نہیں ہونی چاہیے اور احتساب کا عمل سب کیلئے یکساں ہونا چاہیے۔ رانا گلزار تاج نے مطالبہ کیا کہ ضلع ویسٹ کی تنظیمی اور سیاسی صورتحال کا بھی غیر جانبدارانہ جائزہ لیا جائے۔

بقیہ نمبر 24 «قوم کی آواز»

پولیس کے مطابق مومن آباد پولیس نے فرید کالونی میں کارروائی کرتے ہوئے ملزم موسیٰ ولد امان اللہ کو گرفتار کیا۔ گرفتار ملزم کے قبضے سے گٹکا ماوا کی 125 پڑیاں، جن کا مجموعی وزن 8 کلو سے زائد بتایا گیا ہے، اور نقدی رقم برآمد ہوئی۔ پولیس نے گرفتار ملزم کے خلاف ضابطے کے تحت مقدمہ درج کرکے تفتیش شروع کردی ہے۔

بقیہ نمبر 25 «قوم کی آواز»

کرنے تک محدود نہیں بلکہ کپاس سے وابستہ کروڑوں کسانوں، مزدوروں، خواتین، صنعت کاروں اور کاروباری حلقوں کے روزگار اور معاشی کردار کو اجاگر کرنے کا موقع بھی فراہم کرتا ہے۔ کھیت میں کھلنے والا کپاس کا سفید پھول بظاہر ایک معمولی منظر دکھائی دیتا ہے، لیکن اسی کے پیچھے دیہی معیشت، جننگ، دھاگہ سازی، ٹیکسٹائل، برآمدات اور عالمی تجارت کا وسیع نظام موجود ہے۔ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی نے اگست 2021 میں ہر سال 7 اکتوبر کو عالمی یوم کپاس منانے کا اعلان کیا تھا، جس کا مقصد کپاس کے شعبے کی عالمی اہمیت اجاگر کرنا، اقتصادی ترقی، بین الاقوامی تجارت اور غربت میں کمی میں اس کے کردار کو نمایاں کرنا اور اسے زیادہ پائیدار بنانے کیلئے عالمی توجہ حاصل کرنا ہے۔

بقیہ نمبر 26 «قوم کی آواز»

کے کونٹک کے سربراہ فیصل ملک اور پینگلا کے صدر ڈاکٹر عمران بٹادہ نے دستخط کیے۔ اس موقع پر ایچ بی ایل کے صدر اور سی ای او محمد ناصر سلیم، ایچ بی ایل ریٹیل بینکاری کے سربراہ عالی شان زیدی، پینگلا کے بانی اور چیئرمین ابراہیم امین شریک بانی فہد شیخ، اور چیف گروتھ اینڈ اسٹریٹجی فرحین فاطمہ کے علاوہ دونوں اداروں کے سینئر حکام بھی موجود تھے۔ معاہدے کے تحت، ایچ بی ایل پینگلا کے ارکان کو خصوصی مالیاتی مصنوعات، غیر ملکی کرنسی کے اکاؤنٹس، بین الاقوامی ادائیگی اور ڈیجیٹل بینکنگ کی سہولت فراہم کرے گا۔ اس موقع پر پینگلا کے چیئرمین ابراہیم امین نے کہا کہ فری لانسرز ڈیجیٹل معیشت کا ایک لازمی حصہ بن چکے ہیں، یہ نوجوان ملک میں زرمبادلہ لانے میں بھرپور کردار ادا کر رہے ہیں۔ خود روزگار کے ذریعے ملک میں بے روزگاری کو کم کر رہے ہیں۔ پاکستان میں تقریباً 30 لاکھ فری لانسرز موجود ہیں جس کی وجہ سے یہ ملک دنیا کی چوتھی بڑی فری لانسنگ مارکیٹ بن گیا ہے۔ حبیب بینک لمیٹڈ کے صدر اور سی ای او محمد ناصر سلیم نے کہا کہ فری لانسرز پاکستان کی ڈیجیٹل معیشت میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ روزگار کے نئے مواقع پیدا کر رہے ہیں اور مقامی ٹیلنٹ کو عالمی منڈیوں سے جوڑ رہے ہیں۔ ایچ بی ایل میں، ہم موزوں مالیاتی حل اور بہتر ڈیجیٹل شمولیت کے ذریعے ان کی ترقی میں مدد کرنے کیلئے پرعزم ہیں۔ مصنوعی ذہانت کام کے مستقبل کو نئی شکل دے رہی ہے، اس لیے فری لانسرز کی صلاحیتوں کو بڑھانا اب کوئی اختیاری چیز نہیں بلکہ ناگزیر ہے

بقیہ نمبر 27 «قوم کی آواز»

کی جانب سے جاری نوٹس میں مؤقف اختیار کیا گیا ہے کہ ٹاؤن میونسپل کارپوریشن صدر ٹاؤن کے چیئرمین کی جانب سے برنس روڈ کی سڑکوں اور فٹ پاتھوں کو دوبارہ فوڈ اسٹریٹ کے لیے استعمال کرنے کی کوشش کی جارہی ہے، جبکہ اس حوالے سے متعلقہ عدالتی احکامات بھی موجود ہیں۔ علاقہ مکینوں کے مطابق فوڈ اسٹریٹ سے وابستہ ہوٹل مالکان کی مبینہ تنظیم بعض افسران کے ساتھ مل کر سندھ کے اعلیٰ حکام کو گمراہ کرکے برنس روڈ پر دوبارہ فوڈ اسٹریٹ قائم کرنے کی کوشش کررہی ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ برنس روڈ فوڈ اسٹریٹ کے باعث پہلے ہی رہائشیوں کو ٹریفک، آمد و رفت، فٹ پاتھوں پر تجاوزات اور دیگر مسائل کا سامنا رہا ہے۔ نوٹس کے ذریعے چیف سیکریٹری سندھ، میئر کراچی، کمشنر کراچی، ڈپٹی کمشنر جنوبی، کراچی میٹروپولیٹن کارپوریشن اور متعلقہ بلدیاتی اداروں کے حکام، اسسٹنٹ کمشنر آرام باغ اور متعلقہ تھانے کو آگاہ کیا گیا ہے کہ برنس روڈ سے متعلق پٹیشن نمبر 1029/2021 اور پٹیشن نمبر D-1093/2021 میں عدالتوں کی جانب سے سڑکوں اور فٹ پاتھوں کو تجاوزات سے پاک رکھنے کے احکامات جاری کیے گئے تھے۔ علاقہ مکینوں کا کہنا ہے کہ ان عدالتی احکامات کے باوجود اگر فوڈ اسٹریٹ کے نام پر دوبارہ سڑکوں، فٹ پاتھوں اور گلیوں پر تجاوزات قائم کی گئیں یا سڑکیں بند کی گئیں تو اس سے شہریوں کی مشکلات میں مزید اضافہ ہوگا۔ انہوں نے وزیراعلیٰ سندھ، چیف سیکریٹری سندھ اور دیگر متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ برنس روڈ پر فوڈ اسٹریٹ کی آڑ میں کسی بھی قسم کی تجاوزات اور سڑکوں کی بندش کی اجازت نہ دی جائے اور عدالتی احکامات پر مکمل عمل درآمد یقینی بنایا جائے۔ علاقہ مکینوں نے مزید کہا کہ گرین بس سروس کے باعث ایم اے جناح روڈ کی بندش سے شہر کو پہلے ہی ٹریفک کے مسائل کا سامنا ہے، ایسے میں برنس روڈ کی سڑکیں بند کرنے سے صورتحال مزید خراب ہونے کا خدشہ ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ چیف سیکریٹری سندھ معاملے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے برنس روڈ پر فوڈ اسٹریٹ کے قیام کی کسی بھی کوشش کو موخر کریں گے۔

بقیہ نمبر 28 «قوم کی آواز»

قرضہ درجہ بندی کو Caa1 سے بڑھا کر B3 کردیا، تاہم اصل چیلنج ریکارڈ ترسیلات زر کا حصول نہیں بلکہ اس استحکام کو پائیدار معاشی ترقی میں تبدیل کرنا ہے۔ انسٹی ٹیوٹ آف کاسٹ اینڈ مینجمنٹ اکاؤنٹنٹس آف پاکستان (آئی سی ایم اے پاکستان) کے ایک نئے تجزیے کے مطابق ترسیلات زر بیرونی استحکام کا اہم ذریعہ ہیں، تاہم طویل المدتی معاشی مضبوطی کیلئے بیرون ملک مقیم پاکستانی کارکنوں کی ترسیلات پر انحصار کافی نہیں ہوگا۔ پاکستان کو موجودہ معاشی استحکام کو برآمدات، ڈیجیٹل خدمات، سرمایہ کاری اور پیداواری صلاحیت پر مبنی ترقی کے وسیع تر منصوبے میں تبدیل کرنا ہوگا۔ تجزیے کے مطابق مالی سال 2025-26 میں پاکستان کو گزشتہ سال کے مقابلے میں مزید 3.3 ارب ڈالر کی ترسیلات زر موصول ہوئیں۔

بقیہ نمبر 29 «قوم کی آواز»

پلاننگ فورم میں بطور مہمان مقرر شرکت کرتے ہوئے سندھ میں موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنے، شہری ترقی اور بلدیاتی خدمات کی بہتری کیلئے مختلف اقدامات اور سرمایہ کاری کے منصوبوں کو اجاگر کیا ہے۔ صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر ارسلان اسلام شیخ نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلی دنیا کو درپیش سنگین چیلنجز میں شامل ہے، شدید گرمی، سیلاب اور پانی کی قلت نے عوامی زندگی، روزگار اور بنیادی شہری سہولیات کو خطرات سے دوچار کردیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ فورم میں حکومتوں کے نمائندگان، ترقیاتی شراکت داروں اور بین الاقوامی مالیاتی اداروں نے شرکت کی، جہاں مربوط منصوبہ بندی، موسمیاتی تبدیلی سے محفوظ انفراسٹرکچر اور سرمایہ کاری کے مؤثر شراکتی ماڈلز کے ذریعے عملی حل تلاش کرنے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان، سندھ اور بالخصوص سکھر کی نمائندگی کرنا ان کیلئے اعزاز کی بات ہے۔ بیرسٹر ارسلان اسلام شیخ نے بتایا کہ حکومت سندھ اور ایشیائی ترقیاتی بینک کے اشتراک سے سندھ سیکنڈری سٹیز امپروومنٹ اینڈ انویسٹمنٹ پروگرام شروع کیا جارہا ہے، جو صوبے کی تاریخ کے بڑے شہری ترقیاتی منصوبوں میں سے ایک ہے۔

بقیہ نمبر 30 «قوم کی آواز»

جامع حکمت عملی اختیار کرنا ہوگی، کیونکہ مسلسل بڑھتا ہوا تجارتی خسارہ ملکی زرمبادلہ اور بیرونی ادائیگیوں پر دباؤ میں اضافہ کر سکتا ہے۔ زبیر طفیل نے حکومت پر زور دیا کہ برآمدی صنعتوں کو مسابقتی بنانے کے لیے بجلی، گیس اور دیگر پیداواری لاگت میں کمی کی لائی جائے، صنعتی خام مال اور ضروری مشینری کی درآمد میں سہولت دی جائے اور برآمد کنندگان کو ریفنڈز کی بروقت ادائیگی یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ ٹیکسٹائل کے ساتھ ساتھ آئی ٹی، انجینئرنگ، فارماسیوٹیکل، چاول، لیدر، اسپورٹس گڈز، سرجیکل آلات اور دیگر ویلیو ایڈڈ شعبوں کی برآمدات بڑھانے پر خصوصی توجہ دی جائے، برآمدات بڑھانے کا زور صرف ایکسپورٹرز پر ہی نہ ڈالا جائے بلکہ نئی عالمی منڈیوں تک رسائی کیلئے تجارتی وفود اور مؤثر مارکیٹنگ کے ذریعے برآمدی بنیاد کو وسیع کیا جائے اور بیرون ممالک سفارتخانوں اور قونصلیٹ میں تعینات کمرشل قونصلر کو ایکسپورٹ بڑھانے کیلئے وہاں کی مارکیٹوں تک رسائی کیلئے ہدف دیا جائے۔

بقیہ نمبر 31 «قوم کی آواز»

صدر کے تجارتی علاقوں میں ٹریفک نظام کی بہتری، شہری سہولیات اور تاجر برادری کے مسائل کے حل کیلئے کی جانے والی کاوشوں پر مدینہ سٹی مال یونین کے آفس سیکریٹری اور آل صدر الائنس کے ایگزیکٹو ممبر اویس پراچہ کو تعریفی سند سے نوازا۔ اویس پراچہ نے تعریفی سند ملنے کو اپنے لیے باعث فخر قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ حوصلہ افزائی انہیں تاجر برادری اور صدر کے علاقے کی بہتری کیلئے مزید ذمہ داری اور جذبے کے ساتھ کام کرنے کی ترغیب دیتی ہے۔ انہوں نے ڈی آئی جی ٹریفک کراچی سید پیر محمد شاہ اور ٹریفک پولیس کا اعتراف خدمات پر شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ آل صدر الائنس اور مدینہ سٹی مال یونین کے پلیٹ فارم سے تاجروں اور شہریوں کے مسائل کے حل، ٹریفک نظام کی بہتری اور صدر کی ترقی و خوبصورتی کیلئے اپنا کردار جاری رکھیں گے۔

بقیہ نمبر 32 «قوم کی آواز»

کے زور پر لوٹ لیا۔ طارق روڈ پر ڈکیتی کی واردات میں موٹر سائیکل سوار 3 مسلح ڈاکو نجی کمپنی کے ملازمین سے 78 لاکھ روپے نقدی چھین کر فرار ہوگئے۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق نجی کمپنی کے ملازمین بینک سے 78 لاکھ روپے نکلوا کر بیگ میں رکھ کر لے جارہے تھے کہ ملزمان نے انہیں واردات کا نشانہ بنایا۔ پولیس کے مطابق واردات میں ملوث ایک ملزم کو بینک میں مبینہ طور پر ریکی کرتے ہوئے بھی دیکھا گیا۔ فیروزآباد پولیس نے واقعے کی سی سی ٹی وی فوٹیج حاصل کرکے مزید تفتیش شروع کردی ہے۔ دوسری جانب کورنگی نمبر 5 میں موٹر سائیکل سوار مسلح ڈاکو پٹرول پمپ کے ملازمین سے 65 لاکھ روپے نقدی سے بھرا بیگ چھین کر فرار ہوگئے۔ عوامی کالونی پولیس کے مطابق پٹرول پمپ کا کیشیئر ایک ملازم کے ہمراہ موٹر سائیکل پر 65 لاکھ روپے بینک میں جمع کرانے جارہا تھا کہ موٹر سائیکل سوار ملزمان نے اسلحے کے زور پر نقدی سے بھرا بیگ چھین لیا اور فرار ہوگئے۔ پولیس نے کیشیئر اور اس کے ہمراہ موجود ملازم سے واردات کے حوالے سے مزید معلومات حاصل کرنا شروع کردی ہیں جبکہ سی سی ٹی وی فوٹیج کی مدد سے ملزمان کا سراغ لگانے کی کوشش کی جارہی ہے۔

بقیہ نمبر 33 «قوم کی آواز»

آف کامرس اینڈ انڈسٹری (آئی سی سی آئی) کے ساتھ بھرپور تعاون کریں گی۔ انہوں نے کہا کہ خواتین کی معاشی سرگرمیوں میں بامعنی شمولیت اور انہیں بااختیار بنائے بغیر کوئی بھی ملک پائیدار معاشی ترقی حاصل نہیں کرسکتا۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی قیادت میں موجودہ حکومت کاروباری سرگرمیوں کے فروغ، معیشت کو مستحکم بنانے اور پاکستان کی برآمدات میں اضافے کے لیے بھرپور اقدامات اٹھا رہی ہے تاکہ ملک کے لیے قیمتی زرمبادلہ حاصل کیا جا سکے۔ انہوں نے یہ بات منگل کو آئی سی سی آئی کے دورے کے موقع پر کہی، جہاں انہوں نے نومنتخب قیادت کو مبارکباد دی اور کاروباری ماحول میں آسانیاں پیدا کرنے اور معاشی ترقی کے لیے چیمبر کے کردار کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی چیمبر کی حیثیت سے آئی سی سی آئی حکومت اور نجی شعبے کے درمیان مؤثر رابطے کو فروغ دینے اور کاروباری برادری کے معاشی مفادات کے تحفظ میں اہم کردار ادا کررہا ہے۔ وزیراعظم یوتھ پروگرام کے چیئرمین کے فوکل پرسن برائے یوتھ موبلائزیشن اینڈ ایگیجمنٹ سید ذیشان نقوی بھی ان کے ہمراہ تھے۔ فرح ناز اکبر نے آئی سی سی آئی کے نائب صدر محمد وقاص خان کی والدہ مرحومہ کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی بھی کی۔ آئی سی سی آئی کے صدر محمد ذکریا اکبر ضیاء نے معزز مہمان کو کاروبار میں آسانیاں پیدا کرنے اور حکومت و نجی شعبے کے درمیان موثر پل کے طور پر چیمبر کے ایڈووکیسی کردار کو مزید مضبوط بنانے کے حوالے سے اپنے وژن سے آگاہ کیا۔ سینئر نائب صدر محمد اشفاق حسین چٹھہ اور نائب صدر محمد وقاص خان نے بھی چیمبر کے آئندہ اقدامات اور ترجیحات کے حوالے سے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ اس موقع پر ایگزیکٹو ممبران چوہدری مظہر حسین، ملک راشد طفیل، محمد نعمان، شاہد عباسی، رانا استخار علی خان، سید عمران بخاری، محمد اسرار مشوانی، محمد عارف، محمد فواد سہگل، محمد خورشید، سہیل چوہدری، محترمہ صدف عاصم عباسی، محترمہ نگینہ خلیق اور دیگر بھی موجود تھے۔

بقیہ نمبر 34 «قوم کی آواز»

سمیت دو سفید گاڑیاں دیکھی تھیں۔ گواہ کے مطابق ایک گاڑی میں موجود شخص نے گاڑی میر رضا پر چڑھانے کی کوشش کی، جبکہ اس سے قبل اس نے ان گاڑیوں کو علاقے میں کبھی نہیں دیکھا تھا۔ کارروائی کے دوران جبران ناصر نے دعویٰ کیا کہ انہوں نے مشکوک گاڑی کا نمبر پولیس کو فراہم کیا تھا، تاہم پولیس کے مطابق گاڑی کا رجسٹریشن ریکارڈ طارق نامی شخص کے نام پر سامنے آیا۔ جبران ناصر کا کہنا تھا کہ پولیس نے گاڑی میں موجود افراد کو جھگڑا نمٹانے کیلئے آنے والے افراد قرار دیا تھا۔ کیشن کے سامنے صحافیوں کی جانب سے پیش کی گئی معلومات کے مطابق سی سی ٹی وی فوٹیج سے بظاہر میر رضا کی ریکی اور تعاقب کا تاثر ملتا ہے۔ صحافی بابر سلیم اور صولت جعفری نے بتایا کہ گلستان جوہر سے ایک گاڑی میر رضا کی گاڑی کے پیچھے جاتی دکھائی دی، جبکہ تعاقب کرنے والی گاڑی گیسٹ ہاؤس کے باہر بھی رکی تھی۔ صولت جعفری کے مطابق 28 اور 29 جولائی کو ایک مشکوک آلٹو گاڑی علاقے میں گھومتی رہی۔

بقیہ نمبر 35 «قوم کی آواز»

پاربر کی گلا کٹی لاش ملی جبکہ لیاری میں تیز دھار آلے کے وار سے زخمی شخص دوران علاج دم توڑ گیا۔ سائٹ سپر ہائی وے تھانے کی حدود احسن آباد، سعید پلازہ میں گھر سے 36 سالہ شائستہ زوجہ علی اکبر کی پھندا لگی لاش ملی۔ اطلاع ملنے پر پولیس موقع پر پہنچی اور قانونی کارروائی کے بعد لاش عباسی شہید اسپتال منتقل کردی، جہاں لاش کا پوسٹ مارٹم بھی کرایا گیا۔ متوفیہ کے شوہر سب انسپکٹر علی اکبر نے پولیس کو بتایا کہ شائستہ سے ان کی دوسری شادی تھی اور وہ ذہنی عارضے کا شکار تھی، جس کا علاج بھی جاری تھا۔ ان کے مطابق شائستہ ماضی میں نشے کی عادی بھی رہی تھی اور کچھ عرصہ قبل گھر سے چلی گئی تھی، جس کی گمشدگی کی رپورٹ بھی درج کرائی گئی تھی، تاہم بعد میں وہ واپس آگئی تھی۔ علی اکبر کے مطابق پیر کی صبح وہ ڈیوٹی پر چلے گئے تھے اور شام کو واپس آئے تو شائستہ گھر پر موجود تھی۔ رات تقریباً ڈھائی بجے بچے کے رونے کی آواز پر ان کی آنکھ کھلی تو شائستہ کی لاش پھندے سے لگی ہوئی ملی، جس پر فوری طور پر پولیس کو اطلاع دی گئی۔ پولیس نے واقعے کی تحقیقات شروع کردی ہیں۔ دوسری جانب سہراب گوٹھ تھانے کی حدود نیو کراچی، لاسی گوٹھ، بسم اللہ چوک کے قریب گھر سے 21 سالہ حسنین ولد حسین بخش کی گلا کٹی لاش برآمد ہوئی۔

بقیہ نمبر 36 «قوم کی آواز»

مالیت کے ریکور شدہ موبائل اصل مالکان کے حوالے کردیے۔ ترجمان ایسٹ پولیس کے مطابق ایس ایس پی ایسٹ زبیر نذیر شیخ نے ڈویژنل ایس پیز کے ہمراہ 263 ریکور شدہ موبائل فونز شہریوں کے سپرد کیے جن کی مجموعی مالیت 1 کروڑ روپے سے زائد ہے۔

بقیہ نمبر 37 «قوم کی آواز»

جاسکتا ہے۔ ملزمان باری باری نوجوانوں کے قریب پہنچتے ہیں اور انہیں اسلحے کے زور پر لوٹنے کے بعد موٹر سائیکلوں پر فرار ہوجاتے ہیں۔ علاقہ مکینوں کا کہنا ہے کہ ڈیفنس اور کلفٹن کے مختلف علاقوں میں بڑی تعداد میں کیمرے نصب ہونے اور مسلسل نگرانی کے باوجود مسلح ملزمان سرعام شہریوں کو لوٹ رہے ہیں، جس سے شہریوں میں تشویش پائی جاتی ہے۔ شہریوں نے مطالبہ کیا ہے کہ وارادات کی وائرل ویڈیو اور دیگر کیمروں کی مدد سے ملزمان کی شناخت کرکے انہیں فوری گرفتار کیا جائے جبکہ علاقے میں اسٹریٹ کرائم کی روک تھام کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔

بقیہ نمبر 38 «قوم کی آواز»

پاک ایونیو کے ایک فلیٹ میں فائرنگ کے پراسرار واقعے میں قانون نافذ کرنے والے ادارے کا 35 سالہ اہلکار جاں بحق ہوگیا۔ شارع فیصل تھانے کے ہیڈ محرر راحیل کے مطابق جاں بحق اہلکار کی شناخت تاجدار اللہ کے نام سے ہوئی ہے۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس موقع پر پہنچ گئی اور کرائم سین یونٹ کو طلب کرکے جائے وقوعہ سے شواہد اکٹھے کیے گئے۔ پولیس کے مطابق مقتول کے سینے پر 2 گولیوں کے نشانات پائے گئے جبکہ فلیٹ سے 9 ایم ایم پستول کے 3 خول بھی ملے ہیں۔ پولیس حکام کے مطابق مقتول کی اہلیہ نے ابتدائی طور پر واقعے کو خودکو گولی مار کر خودکشی قرار دیا، تاہم واقعہ مشکوک ہونے پر پولیس نے اہلیہ کو پوچھ گچھ کے لیے حراست میں لے لیا ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ واقعے کے مختلف پہلوؤں سے تحقیقات کی جارہی ہیں جبکہ جائے وقوعہ سے ملنے والے شواہد اور دیگر معلومات کی روشنی میں مزید حقائق سامنے آنے کی توقع ہے۔

بقیہ نمبر 39 «قوم کی آواز»

پانی کی دستیابی ہے۔ پانی کی اس کمی سے آئندہ گندم کی فصل بھی شدید متاثر ہونے کا خدشہ ہے، جبکہ گندم پہلے ہی دباؤ کا شکار بنیادی غذائی فصل ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ سیزن میں گندم کی پیداوار 29.7 ملین ٹن کے ہدف کے مقابلے میں کم ہو کر 27.5 ملین ٹن رہی، جبکہ ملکی کھپت تقریباً 32 ملین ٹن تھی، جس کے باعث گندم درآمد کرنا پڑی۔ شاہد عمران نے کہا کہ ماحولیاتی ضروریات کا درست تخمینہ لگا کر انہیں منصوبہ بندی کا لازمی حصہ بنایا جانا چاہیے۔ حکومت کو آبپاشی کے نظام کی کارکردگی بہتر بنانے اور پانی کے تحفظ کے لیے سرمایہ کاری کرنا ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ پہلے ہی مشکلات کا شکار چھوٹے اور غریب کاشتکاروں کو کئی دہائیوں کی ادارہ جاتی غفلت کی قیمت ادا کرنے پر مجبور نہیں کیا جانا چاہیے۔ موسمیاتی تبدیلی کے باعث پانی کی دستیابی مزید غیر یقینی ہورہی ہے، جبکہ آبادی اور خوراک کی طلب مسلسل بڑھ رہی ہے

بقیہ نمبر 40 «قوم کی آواز»

ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنر ہاؤس میں UBL (یونائیٹڈ بینک لمیٹڈ) اور UATC (یونیورسل ایگری ٹریکٹر کمپنی) کے درمیان شراکت داری کی دستخطی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ گورنر سندھ نے مزید کہا کہ UBL اور UATC کی شراکت داری کسانوں اور دیہی معیشت کے روشن مستقبل کے لیے اہم قدم ہے، جدید زرعی مشینری اور آسان فنانسنگ کسانوں کو بااختیار بنانے میں اہم کردار ادا کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ زرعی مشینی عمل سے پیداوار میں اضافہ، پیداواری اخراجات میں کمی اور بروقت کاشت و برداشت ممکن ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ UBL کی زرعی فنانسنگ اور UATC کی ٹریکٹر سازی کے تجربے کا امتزاج کسانوں کے لیے مفید ثابت ہوگا، مارک اپ سبسڈی کے ذریعے فنانس کیے جانے والے ٹریکٹرز پر کسانوں کو براہ راست فائدہ پہنچے گا۔ انہوں نے کہا کہ جدید ٹیکنالوجی اور آسان فنانسنگ کو زیادہ سے زیادہ کسانوں تک پہنچانا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ مالیاتی ادارے اور صنعتی شعبہ باہمی تعاون سے زرعی معیشت کو مزید مضبوط بنا سکتے ہیں۔

بقیہ نمبر 41 «قوم کی آواز»

شخصیات، تعلیمی اداروں کے نمائندگان اور نوجوانوں نے شرکت کی۔ مقررین نے پاکستان میں نوجوانوں کے لیے موجود مواقع، چیلنجز اور مستقبل کی ضروریات پر تفصیلی گفتگو کی۔ اس موقع پر مقررین نے کہا کہ پاکستان کی نوجوان آبادی ملک کا قیمتی اثاثہ ہے۔ نوجوانوں کو جدید تعلیم، فنی تربیت، ٹیکنالوجی اور کاروباری مواقع فراہم کرکے ملک کی معیشت کو مضبوط بنایا جاسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کی صلاحیتوں کو درست سمت میں بروئے کار لانے کے لیے سرکاری اور نجی شعبے کے درمیان تعاون ضروری ہے۔ اس مقصد کے لیے مختلف پروگرامز، تربیتی منصوبوں اور روزگار کے مواقع میں اضافہ کیا جانا چاہیے۔ مقررین کا کہنا تھا کہ خواتین کو بھی معاشی سرگرمیوں میں برابر کے مواقع فراہم کیے جانے چاہئیں تاکہ وہ ملکی ترقی میں مؤثر کردار ادا کرسکیں۔ خواتین کی تعلیم، ہنرمندی اور کاروباری صلاحیتوں کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ پاکستان کے مستقبل کو بہتر بنانے کے لیے نوجوانوں کو جدید ٹیکنالوجی، ڈیجیٹل مہارتوں اور عالمی معیار کی تعلیم سے آراستہ کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کو کاروبار شروع کرنے، روزگار حاصل کرنے اور اپنی صلاحیتیں استعمال کرنے کے لیے سازگار ماحول فراہم کرنا ضروری ہے۔ اس حوالے سے حکومت، صنعت، تعلیمی اداروں اور نجی شعبے کو مشترکہ کوششیں کرنا ہوں گی۔ مقررین نے مزید کہا کہ پاکستان کی نوجوان آبادی ملک کے لیے ایک بڑا موقع ہے۔ اگر نوجوانوں کو مناسب تعلیم، تربیت اور روزگار کے مواقع فراہم کیے جائیں تو وہ پاکستان کی معاشی ترقی میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ تقریب میں نوجوانوں اور خواتین کی شمولیت، فنی تعلیم، ٹیکنالوجی، کاروباری مواقع اور مستقبل کے روزگار کے حوالے سے بھی مختلف تجاویز پیش کی گئیں۔ نوٹ: اصل تصویر بہت کم ریزولوشن میں ہے اور متن کا بایاں حصہ کٹا ہوا ہے، اس لیے اوپر کا مکمل headline اور آخری چند الفاظ واضح طور پر پڑھنا ممکن نہیں۔

بقیہ نمبر 42 «قوم کی آواز»

کہا ہے کہ پاسبان ریمی ٹینس ریوارڈ اسکیم ایک ایسی صنعت گیر پہل ہے، جس کی قیادت 'پاکستان بینکس ایسوسی ایشن کررہی ہے اور اسے 'اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی سرپرستی حاصل ہے۔ اس منصوبے کے لیے لنک ون تکنیکی اور آپریشنل پلیٹ فارم فراہم کر رہا ہے، جبکہ نیشنل بینک سمیت دیگر شراکت دار بینکوں کا تعاون بھی اسے حاصل ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم دبئی میں پاکستان کے قونصل جنرل حسین محمد اور ان کی پوری ٹیم کے تہہ دل سے مشکور ہیں کہ انہوں نے ہمیں اس اہم قومی اقدام کو پیش کرنے اور اس کے بارے میں آگاہی پیدا کرنے کا یہ قیمتی موقع فراہم کیا۔ اس سیشن میں قونصلیٹ کے اعلیٰ حکام اور عملے نے شرکت کی۔ اس موقع پر تفصیلی بریفنگ اور آگاہی مواد کی فراہمی کے ساتھ ساتھ سوال و جواب کا ایک انٹرایکٹو سیشن بھی منعقد کیا گیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہم متحدہ عرب امارات میں مقیم پاکستانی کمیونٹی کے درمیان پاسبان ریمی ٹینس ریوارڈ اسکیم سے متعلق آگاہی کو وسعت دینے کے لیے مستقبل میں بھی باہمی تعاون کے سلسلے کو جاری رکھنے کے خواہاں ہیں۔

بقیہ نمبر 43 «قوم کی آواز»

کی۔ ڈپٹی کمشنر نے اجلاس کو اپنے ضلع کی کارکردگی کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی جبکہ اسسٹنٹ کمشنر ہیڈ کوارٹرز نے کمشنر پورٹل کے ذریعے موصول ہونے والی کارکردگی رپورٹس کی ضلع وار لحاظ سے جائزہ پیش کیا۔ اجلاس میں تمام اسسٹنٹ کمشنرز نے ویڈیو لنک کے ذریعے اپنی کارکردگی کے بارے میں وضاحت کی اور تفصیلات سے آگاہ کیا۔ کمشنر نے روڈ سائیڈ تجاوزات اور ہولڈنگ اسٹینڈز کی وجہ سے ٹریفک اور شہریوں کو درپیش مشکلات دور کرنے کی کوششوں پر عدم اطمینان کا اظہار کیا۔ اجلاس میں شاہراہوں اور مصروف سڑکوں پر فٹ پاتھوں پر ٹریفک کے لیے رکاوٹ بننے والے چائے خانوں کو نظم و ضبط میں لانے کے لیے ٹاؤن کونسل سے مشاورت کرنے پر غور کیا گیا۔ فیصلہ کیا گیا کہ چائے خانوں کو مین شاہراہوں پر قائم کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ ان کے لیے ہر ٹاؤن یا یونین کونسل میں اوپن اسپیس تلاش کیے جائیں گے۔ فیصلہ کیا گیا کہ اوپن اسپیسز کی نشاندہی کے لیے ٹاؤن کونسل سے تجاویز طلب کی جائیں گی اور ان کی مشاورت اور مدد سے چائے خانوں کو مناسب جگہ فراہم کی جائے گی۔

بقیہ نمبر 44 «قوم کی آواز»

قاسمی نے لیکچر اور پاور پوائنٹ پریزنٹیشن دی۔ تقریب میں ماہرین تعلیم، صحافیوں، سول سوسائٹی کے نمائندوں اور پاکستان کی تاریخ و نظریاتی ارتقا میں دلچسپی رکھنے والے افراد کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ ڈاکٹر علی عثمان قاسمی نے اپنی پریزنٹیشن میں اس امر کا جائزہ لیا کہ گزشتہ کئی دہائیوں کے دوران پاکستان کی تاریخ اور نظریاتی بیانیے کو کس طرح مختلف انداز میں بیان اور تشکیل نو دی جاتی رہی ہے۔ انہوں نے تاریخ نویسی، ریاستی نظریے اور پاکستان کے بنیادی تصورات کے بدلتے ہوئے مفاہیم کے باہمی تعلق پر بھی تفصیلی روشنی ڈالی۔ انہوں نے وادی؟ سندھ کی تہذیب میں موجودہ دور میں بڑھتی ہوئی دلچسپی اور اسے مخصوص طور پر 'پاکستانی' تاریخی ورثے کے طور پر پیش کیے جانے کا حوالہ دیتے ہوئے پاکستان کے تصور اور شناخت سے متعلق مختلف اور بعض اوقات باہم متصادم نظریات کا جائزہ لیا۔ ڈاکٹر قاسمی کے مطابق پاکستان کی نظریاتی اور تاریخی بنیادوں کے حوالے سے فکری بحث اور تعبیرات میں وقت کے ساتھ نمایاں تبدیلیاں آتی رہی ہیں، بالخصوص 1971ء میں مشرقی پاکستان کی علیحدگی کے بعد ریاست اور دانشور طبقے کو ایک نئے فکری چیلنج کا سامنا کرنا پڑا۔ انہوں نے کہا کہ 1971ء کے سانحے کے بعد ملک کے مشرقی حصے کی علیحدگی کی توجیہ پیش کرنے کے ساتھ ساتھ پاکستان کے قیام سے وابستہ نظریاتی تصورات کو برقرار رکھنے کی کوششوں نے تاریخ اور قومی شناخت کے حوالے سے نئی بحث کو جنم دیا۔

بقیہ نمبر 45 «قوم کی آواز»

احمد سومرو کی بحفاظت بازیابی پر سابق صدر پاکستان محمد میاں سومرو، شہید دودو سومرو اتحاد آرگنائزیشن پاکستان کے چیئرمین محمد ابراہیم سومرو ایڈووکیٹ، انجینئر رحیم بخش سومرو، سیکیورٹی فورسز اور متعلقہ ریاستی اداروں کو مبارکباد پیش کی ہے۔ منیر احمد سومرو کی بازیابی کی پولیس، خاندانی ذرائع اور بلوچستان کے حکام نے بھی تصدیق کر چکے ہیں۔ اپنے بیان میں ڈاکٹر عشرت العباد خان نے کہا کہ منیر احمد سومرو کی بحفاظت بازیابی خوش آئند پیش رفت ہے، جس پر پوری قوم شکر گزار ہے۔ انہوں نے کہا کہ سابق صدر پاکستان محمد میاں سومرو نے اس معاملے پر مسلسل رابطے اور انتھک کوششیں جاری رکھیں، جن کے نتیجے میں منیر احمد سومرو کی بحفاظت واپسی ممکن ہوئی۔ ڈاکٹر عشرت العباد خان نے شہید دودو سومرو اتحاد آرگنائزیشن پاکستان کے چیئرمین محمد ابراہیم سومرو ایڈووکیٹ کی کاوشوں کو بھی خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے مشکل وقت میں سومرو برادری کی مؤثر نمائندگی کی اور منیر احمد سومرو کی بازیابی کیلئے بھرپور کردار ادا کیا۔ ان کی مسلسل جدوجہد، رابطہ کاری اور برادری کو متحد رکھنے کی کوششیں قابل تحسین ہیں۔ انہوں نے کہا کہ محمد میاں سومرو کی انتھک کوششوں اور محمد ابراہیم سومرو ایڈووکیٹ سمیت دیگر ذمہ داران کے مسلسل رابطوں نے اس معاملے کو اجاگر رکھنے اور مثبت پیش رفت میں اہم کردار ادا کیا۔ ڈاکٹر عشرت العباد خان نے سیکیورٹی فورسز، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور بلوچستان انتظامیہ کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ منیر احمد سومرو کی بحفاظت بازیابی ریاستی اداروں کی اہم کامیابی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کے تحفظ اور امن و امان کے قیام کیلئے اداروں کی باہمی معاونت اور مؤثر اقدامات قابل قدر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ منیر احمد سومرو کی بازیابی نہ صرف سومرو برادری بلکہ پورے پاکستان کیلئے باعث اطمینان اور خوشی ہے۔

بقیہ نمبر 46 «قوم کی آواز»

گیا۔ اسپتال انتظامیہ کے مطابق مریض کے ہاتھ اور پاؤں پر دھبوں کے نشانات موجود ہیں، جس کی وجہ سے مشتبہ مریض کو آئی سی یو منتقل کردیا گیا ہے۔ انتظامیہ کا کہنا ہے کہ منکی پاکس کی تشخیص کے لیے مریض کے پی سی آر ٹیسٹ کے نمونے لے لیے گئے ہیں اور ٹیسٹ رپورٹ آنے کے بعد منکی پاکس کی تصدیق ہوگی۔ انتظامیہ کا کہنا ہے کہ مشتبہ مریض نواب شاہ کے کڈنی اسپتال میں زیر علاج تھا، مریض ڈائلیسس سمیت دیگر بیماریوں میں بھی مبتلا ہے۔ اہل خانہ کے مطابق مریض گزشتہ کئی ماہ سے نوابشاہ کے کڈنی اسپتال میں ڈائلیسس کروا رہے تھے، تاہم اچانک ان کے جسم پر دھبے نمودار ہونا شروع ہوگئے۔ نوابشاہ میں علاج کی سہولت نہ ہونے پر مریض کو پہلے جناح اسپتال لایا گیا، جہاں سے اب اسے سندھ انفیکشن ڈیزیز اسپتال نیپا منتقل کیا گیا ہے۔ واضح رہے کہ سندھ میں رواں سال منکی پاکس کے 43 تصدیق شدہ کیسز رپورٹ ہوچکے ہیں، جن میں سے 15 کا تعلق کراچی سے ہے۔

بقیہ نمبر 47 «قوم کی آواز»

خواتین کھلاڑی شریک ہیں، ٹورنامنٹ میں شریک کھلاڑی اپنی بہترین صلاحیتوں کا مظاہرہ کررہے ہیں، نیسلے پیور لائف اوینٹ کے پارٹنر کی حیثیت سے اپنی ذمہ داری ادا کر رہا ہے، نیسلے پیور لائف کی سینئر برانڈ منیجر انعم نازنین کا کہنا ہے کہ ہم مثبت سرگرمیوں کے فروغ کیلئے اپنی خدمات ادا کرتے ہوئے بین الاقوامی ٹورنامنٹ میں بھرپور انداز میں شریک ہیں، صحت مند معاشرے کیلئے پینے کی صاف پانی کی فراہمی بہت ضروری ہے، ہم آئندہ بھی اپنی خدمات کا سلسلہ جاری رکھیں گے

بقیہ نمبر 48 «قوم کی آواز»

سے سندھ قومی الائنس پاکستان کے وائس چیئرمین عبدالجبار لغاری نے ملاقات کی، جس میں سندھ کی سیاسی، سماجی اور انتظامی صورتحال، قومی یکجہتی، نوجوانوں کے مستقبل، نئے انتظامی یونٹس اور ایم پی پی کی پالیسی پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر سندھ قومی الائنس پاکستان کی رئیسہ خانزادہ اور غفار شیخ نے بھی گفتگو میں حصہ لیا اور سندھ میں نفرت، تقسیم اور تصادم کی سیاست کے بجائے مفاہمت، ترقی اور عوامی مسائل کے حل کی ضرورت پر زور دیا۔ محمد رضوان خان اور عزیر شاہ نے کہا کہ میری پہچان پاکستان تعصب سے پاک جماعت ہے، جس کی بنیادی سوچ ''پہلے ریاست، بعد میں سیاست'' اور ''سیاست میں شرافت'' ہے۔ ان کے مطابق ایم پی پی کا مقصد تمام قومیتوں، برادریوں اور سیاسی و سماجی طبقات کو ایک پلیٹ فارم پر لا کر پاکستان کی مضبوطی اور عوام کی خوشحالی کیلئے کام کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سابق گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد خان نے اپنے 14 سالہ دور میں وفاق، صوبے اور بلدیاتی حکومت کے درمیان اشتراک کے ذریعے سندھ خصوصاً کراچی میں متعدد ترقیاتی منصوبے مکمل کرائے۔ ان کے مطابق ایم 9، فلائی اوورز، انڈر پاسز، سڑکوں، صحت، تعلیم اور شہری سہولیات سمیت مختلف منصوبے ڈاکٹر عشرت العباد کے ترقیاتی وژن کی عکاسی کرتے ہیں۔

بقیہ نمبر 49 «قوم کی آواز»

جہانسہ دے کر 50 سے زائد لڑکیوں کے موبائل فون اور بعض اصل شناختی کارڈ لے کر فرار ہونے والے مرکزی ملزم کے خلاف مقدمے میں اہم پیش رفت سامنے آئی ہے۔ پولیس حکام کے مطابق مرکزی ملزم ساحل سلمان کے 2 سگے بھائیوں کو پوچھ گچھ کے لیے طلب کرلیا گیا ہے جبکہ مرکزی ملزم کی لوکیشن بھی ٹریس کر لی گئی ہے۔ پولیس حکام کے مطابق واقعے کے بعد مرکزی ملزم کے اصل موبائل نمبر کی لوکیشن گوجرانوالہ سے ٹریس ہوئی۔ پولیس کا ملزم سے فون پر رابطہ بھی ہوا، جس دوران ساحل سلمان نے اپنی موجودگی کشمیر میں ظاہر کی۔ پولیس کا کہنا ہے کہ مرکزی ملزم کی گرفتاری کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں اور اسے جلد قانون کی گرفت میں لے لیا جائے گا۔ واضح رہے کہ چندروز قبل گڈاپ میں قائم ایک فارم ہاؤس میں 50 سے زائد لڑکیاں جمع ہوئی تھیں، جہاں سے ساحل سلمان نامی شخص ان کے موبائل فون اور بعض اصل شناختی کارڈ لے کر فرار ہوگیا تھا۔ متاثرہ لڑکیوں نے پولیس کو بتایا تھا کہ انہیں ملازمت کی تربیت کا جھانسہ دے کر فارم ہاؤس بلایا گیا تھا۔ واقعے کے بعد ایک متاثرہ لڑکی کی مدعیت میں گڈاپ تھانے میں مقدمہ بھی درج کیا گیا ہے، جس کی بنیاد پر پولیس مزید تحقیقات کررہی ہے۔

بقیہ نمبر 50 «قوم کی آواز»

پاکستان اور ملائیشیا کے باہمی تعلقات، پارلیمانی تعاون، تجارت، سرمایہ کاری، سیاحت اور دوطرفہ روابط کے فروغ پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اسپیکر سندھ اسمبلی نے ملائیشین قونصل جنرل کا خیرمقدم کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان اور ملائیشیا کے درمیان مسلسل روابط موجود ہیں۔ انہوں نے سندھ اسمبلی کی میزبانی میں منعقد ہونے والی ساتویں سی پی اے ایشیا ریجنل کانفرنس اور دوسری مشترکہ سی پی اے ایشیا و جنوب مشرقی ایشیا ریجنل کانفرنس کے دوران ملائیشین قونصل جنرل کے پیش رو سے ملاقات کا ذکر کیا۔ انہوں نے بتایا کہ کیپ ٹاؤن میں منعقدہ 69 ویں کامن ویلتھ پارلیمانی کانفرنس کے موقع پر بھی ملائیشیا کے پارلیمان کے اسپیکر سے ان کی ملاقات ہوئی تھی۔ ملائیشین قونصل جنرل نے بتایا کہ پاکستان میں تعیناتی ان کی پہلی پوسٹنگ ہے جبکہ یہ ان کی تیسری بیرون ملک تعیناتی ہے۔ وہ تقریباً ایک ماہ قبل پاکستان پہنچے ہیں۔ انہوں نے پاکستان کو انتہائی متحرک ملک قرار دیتے ہوئے پاکستانی عوام کی مہمان نوازی، گرمجوشی اور جذبے کو سراہا۔ سید اویس قادر شاہ نے ملائیشین قونصل جنرل کو سندھ کے مختلف علاقوں، خصوصاً سکھر کا دورہ کرنے کی دعوت دی اور سکھر کی تاریخی و جغرافیائی اہمیت سے آگاہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ سکھر سندھ کو دیگر صوبوں سے ملانے والا اہم شہر ہے جہاں ایئرپورٹ، ریلوے، سڑکوں کا وسیع نیٹ ورک اور صنعتی بنیادیں موجود ہے۔ اسپیکر نے سندھ کے مختلف اضلاع کی آبادی، جغرافیائی اور معاشی خصوصیات پر بھی روشنی ڈالی اور کہا کہ صوبے میں صحرائی علاقوں، زرخیز زرعی خطوں اور صنعتی زونز کا منفرد امتزاج موجود ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ سکھر سمیت سندھ کے دیگر شہروں میں ملائیشیا کے ساتھ تجارت، سرمایہ کاری اور معاشی تعاون کے وسیع امکانات موجود ہیں۔ انہوں نے ملائیشین قونصل خانے کو سکھر، حیدرآباد اور سندھ کے دیگر بڑے شہروں میں کاروباری مواقع کا جائزہ لینے اور متعلقہ چیمبرز آف کامرس کے ساتھ روابط بڑھانے کی تجویز بھی دی۔ ملائیشین قونصل جنرل محمد یونس بن ابراہیم نے کہا کہ پاکستان اور ملائیشیا کے درمیان معاشی تعاون کا فروغ ان کی اہم ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے حال ہی میں کورنگی ایسوسی ایشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری میں کاروباری برادری سے ہونے والی ملاقات کا حوالہ دیتے ہوئے بتایا کہ ملائیشیا کا معاشی ڈویژن عالمی سطح پر اپنی معاشی سرگرمیوں کو وسعت دینے اور قابل عمل کاروباری و سرمایہ کاری کے مواقع تلاش کر رہا ہے۔ ملاقات میں سیاحت کے فروغ پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اسپیکر سندھ اسمبلی نے ملائیشیا کے تقریباً 13 سے 14 سال قبل کیے گئے اپنے دورے کا ذکر کرتے ہوئے ملک کے مختلف علاقوں کے سفر کے تجربات بیان کیے۔ دونوں جانب سے پاکستان اور ملائیشیا کے درمیان سیاحتی روابط مزید بڑھانے کے امکانات کا جائزہ لیا گیا۔ سید اویس قادر شاہ نے حکومت سندھ کے مختلف اقدامات، بالخصوص ورلڈ لائیو اسٹاک ایکسپو، کے حوالے سے بھی قونصل جنرل کو آگاہ کیا اور ملائیشین کاروباری اداروں اور متعلقہ حلقوں کو ایسے پروگراموں میں شرکت کی دعوت دی۔

بقیہ نمبر 51 «قوم کی آواز»

آف آنر ایوارڈ لینے والوں میں شامل ہیں۔ وزیراعلیٰ پنجاب کو خصوصی طور پر اسٹیٹ گیسٹ کیطور پر مقط مدعو کیا گیا تھا۔ پاکستان نے 2007 میں پہلی مرتبہ یو این ہیبی ٹیٹ اسکرول آف آنر ایوارڈ وصول کیا تھا۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کا کہنا ہےکہ 'اپنی چھت، اپنا گھر' پراجیکٹ دنیا میں پنجاب ہی نہیں بلکہ پاکستان کی پہچان بن چکا ہے، اس پروگرام کے ذریعے غریب افراد کو چھت کی نعمت مل رہی ہے۔ ریکارڈ مختصر مدت میں 2 لاکھ سے زائد افراد 'اپنی چھت، اپنا گھر' پروگرام کے تحت قبضہ حاصل کر چکے ہیں، اس پروگرام کے تحت 5 سال میں 5 لاکھ گھر بنانے کا ہدف پورا کریں گے۔

بقیہ نمبر 52 «قوم کی آواز»

کارساز نے ایک انتہائی سخت اور اعصاب شکن معرکے کے بعد 13-14 پوائنٹس سے شکست دیکر جیت لیا رنر اپ فالکن کلب نے پہلی مرتبہ اس ٹورنامنٹ میں حصہ لیا اور بہترین نظم وضبط کے ساتھ فائنل میں رسائی حاصل کی۔ بحریہ کالج کی دعا بتول کو ٹورنامنٹ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا فائنل کے مہمان خصوصی ممتاز قانون دان جسٹس آف پیس ندیم شیخ ایڈوکیٹ تھے جبکہ اس موقع پر کمشنر کراچی کے ڈائریکٹر اسپورٹس غلام محمد خان، بیرسٹر حارث امین بھٹی، اسپورٹس فزیشن میکائیل عاصم اقبال، اسد عباد علی، خورشید عالم عبدالحم؟ دبلوچ، محمد حیدر خان، سید یوسف، شجاع الدین اور کھیلوں سے وابستہ متعدد شخصیات نے شرکت کی تقریب تقسیم انعامات سے خطاب کرتے ہوئے ندیم شیخ ایڈوکیٹ نے حکیم محمد سعید شہید کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا اور کہا کہ کھیل کے میدان میں شہید پاکستان کا نام ہمیشہ زندہ رہے گا اور مجھے امید ہے کہ یہ ٹورنامنٹ ہر سال منعقد ہوتا رہے گا انہوں نے غلام محمد خان کو ٹورنامنٹ کے انعقاد پر دلی مبارک باد دی اور اپنی جانب سے بھرپور تعاون کا یقین دلایا قبل ازیں غلام محمد خان نے خطبہ استقبالیہ کے کلمات ادا کئے اور ہمدرد فاونڈیشن کی صدر سعدیہ راشد کا ٹورنامنٹ میں بھرپور تعاون کرنے پر اظہار تشکر کیا فائنل میں بحریہ کالج کارساز کی جانب سے دعا بتول، رحمہ عرفان، مابین فاطمہ اور فالکن کلب کی جانب سے زینت شاہد، عائشہ ضیاء، کائنات اور شانزے نے بہترین کھیل کا مظاہرہ کیا عامر شریف، محمد اشرف، زاہد ملک، نعیم احمد زعیمہ خاتون اور نصرت افضل نے ٹیکنیکل آفیشلز اور ریفریز کے فرائض انجام دیئے فائنل کے آغاز پر 5 سالہ نور فاطمہ نے نور جہاں کی آواز اور اسٹائل میں قومی نغمے سنائے۔

بقیہ نمبر 53 «قوم کی آواز»

اور چنیسر ٹاؤن کے افسران اور کے ڈی اے کے چیف انجینئر نے شرکت کی۔ اجلاس کو شاہراہ فیصل پر جاری پیچ ورک، صفائی ستھرائی، فٹ پاتھوں اور گرین بیلٹ کی بہتری، کرب اسٹونز کی پینٹنگ، سڑک اور اطراف کی تزئین و آرائش اور تجاوزات کے خاتمے کے اقدامات کے بارے میں تصاویر اور ویڈیوز کے ذریعے بریفنگ دی گئی۔ کمشنر کراچی کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر ہیڈکوارٹرز اقرا جنت، اسسٹنٹ کمشنر فیروزآباد جویریہ اشرف اور اسسٹنٹ کمشنر ناظم آباد رابعہ سید نے شاہراہ فیصل کے مختلف حصوں کا سروے کیا اور مرمت، صفائی، بدنمائی کے خاتمے اور بحالی و خوبصورتی کے کاموں کی فہرست تیار کرکے کمشنر کراچی کو پیش کی تھی۔ کمشنر نے متعلقہ ٹاؤنز اور بلدیہ عظمیٰ کے افسران کو اسسٹنٹ کمشنرز کی نگرانی میں کام مکمل کرنے کی ہدایت کی تھی۔ اجلاس میں متعلقہ میونسپل افسران نے مکمل کیے گئے کاموں کی پہلے اور بعد کی تصاویر اور ویڈیوز کے ذریعے تفصیلات پیش کیں۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ بلوچ کالونی پل اور شاہراہ فیصل کے فلائی اوورز پر تجاوزات اور ملبہ صاف کردیا گیا ہے۔ بلوچ کالونی پل کے نیچے سے ملبہ اور غیر ضروری جرسی بیریئرز بھی ہٹا دیے گئے ہیں۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ بلوچ کالونی اور فوزیہ وہاب فلائی اوور کے اطراف فٹ پاتھوں کی پینٹنگ، پیچ ورک اور تجاوزات کے خاتمے کا کام مکمل کرلیا گیا ہے، جبکہ فوزیہ وہاب برج کے نیچے ٹریفک کی روانی بہتر بنانے کیلئے جدید یوٹرن اور وائیڈ کٹس تعمیر کرکے اسفالٹ کردی گئی ہیں۔ شاہراہ فیصل کے دونوں اطراف سروس روڈز پر بلند عمارتوں میں قائم دفاتر کے ملازمین کی بے ہنگم پارکنگ کے مسئلے کا بھی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ بالخصوص کاوش کراؤن اور رومی مسجد کے درمیان تجارتی علاقے میں بے ترتیب پارکنگ کو منظم کرنے کیلئے گرین بیلٹ پر باقاعدہ پارکنگ بنائی جائے گی۔ اس مقصد کیلئے گرین بیلٹ پر جگہ کی نشاندہی بھی کرلی گئی۔ کمشنر کراچی نے اسسٹنٹ کمشنرز کو ہدایت کی کہ کے ایم سی کے تعاون سے تجارتی دفاتر کیلئے مخصوص پارکنگ کی جگہوں کو پختہ کرکے ان پر پیورز لگائے جائیں اور باقاعدہ لائن اپ کیا جائے تاکہ سروس روڈز پر ٹریفک کے مسائل کم کیے جاسکیں۔ اجلاس میں شاہراہ فیصل کی خوبصورتی اور گریننری کیلئے مزید پودے لگانے کا فیصلہ بھی کیا گیا۔ سڑک پر بدنما کیبلز اور کھلے حصوں کو چھپانے کیلئے دو سے ڈھائی فٹ بلند ہیج لگانے کا فیصلہ کیا گیا تاکہ شاہراہ کی بصری خوبصورتی بہتر بنائی جاسکے۔

پاتھ فائنڈر کی پاکستانی شپنگ سیکٹر کے حوالے سے خصوصی تقریب

روح رواں اکرام سہگل کا خاص خطاب، خواتین کو بھی معاشی سرگرمیوں میں برابر کے مواقع فراہم کیے جانے چاہئیں

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاتھ فائنڈر کی جانب سے پاکستان کے شپنگ سیکٹر (Pakistan Shapers) میں نوجوانوں اور خواتین کو بااختیار بنانے، صنعت، تعلیم، ٹیکنالوجی، کاروباری شعبے اور نوجوانوں کے ایکو سسٹم کے درمیان روابط مضبوط کرنے اور پاکستان کے مستقبل کے نوجوانوں کی صلاحیت کو اجاگر کرنے کے حوالے سے ایک اہم تقریب کا انعقاد کیا گیا۔تقریب میں مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے ماہرین، کاروباری (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 41)





نیسلے پیور لائف اور پیڈل درس کا تعاون، پیڈل ایونٹ کامیاب

صحت مند قوم کیلئے پینے کے صاف پانی کی فراہمی بہت ضروری ہے، انعم نازنین

کراچی (بزنس رپورٹر) نیسلے پیور لائف اور پیڈل ورس کے باہمی تعاون سے کراچی میں جدید کھیلوں کے فروغ اور صحت مند طرز زندگی کی اہمیت کو اجاگر کرنے کیلئے خصوصی پیڈل ایونٹ جاری ہے، انٹر نیشنل پیڈل فیڈریشن کے تحت ایف آئی پی ایز انٹرنیشنل برانز ٹورنامنٹ میں پرتگال، اٹلی، میکسیکو، کینیڈا، ارجنٹائن اور میزبان پاکستان سمیت 18 ممالک کے 100 سے زائد مرد اور (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 47)

سندھ میں منکی پاکس کا ایک اور مشتبہ کیس، حالت تشویشناک

سندھ میں رواں سال منکی پاکس کے 43 تصدیق شدہ کیسز رپورٹ ہو چکے ہیں، جن میں سے 15 کا تعلق کراچی سے ہے

کراچی (این این آئی) سندھ میں منکی پاکس کا ایک اور مشتبہ کیس رپورٹ ہوا ہے۔نوابشاہ کے 50 سالہ مریض کو تشویش ناک حالت میں سندھ انفیکشن ڈیزیز اسپتال نیا منتقل کر دیا (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 46)

ڈپٹی کمشنر منیر احمد سومرو کی بازیابی پر ڈاکٹر عشرت العباد کی مبارکباد

محمد میاں سومرو کی کاوشیں رنگ لے آئیں، سیکیورٹی فورسز اور ریاستی اداروں کا کردار قابل تحسین ہے، سابق گورنر سندھ

کراچی (این این آئی) سابق گورنر سندھ اور میری پہچان پاکستان کے سربراہ ڈاکٹر عشرت العباد خان نے بلوچستان کے ضلع خاران سے اغوا ہونے والے ڈپٹی کمشنر منیر (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 45)



ماہر تعلیم ڈاکٹر علی عثمان قاسمی کا پاکستان کی تاریخ نویسی، نظریاتی بیانیے اور قومی شناخت کے ارتقا پر تفصیلی اظہار خیال

کمودور (ر) صدید ملک کا استقبالیہ خطاب، امینہ سعید نے تعارف پیش کیا، شکیب صداقت، شہباز وزیر علی بھی شریک

کراچی (بزنس رپورٹر) قائداعظم ہاؤس میوزیم میں معروف مؤرخ و دانشور ڈاکٹر علی عثمان قاسمی کا خصوصی لیکچر، پاکستان کی تاریخ، نظریاتی بنیادوں اور قومی شناخت سے متعلق مختلف تصورات کا جائزہ۔ قائداعظم ہاؤس میوزیم (QAHM) کے زیر اہتمام قائداعظم محمد علی جناح کی سیاسی فکر اور پاکستان کی نظریاتی اساس کی مختلف اور متضاد تشریحات کے موضوع پر فکری نشست کا انعقاد کیا گیا، جس میں معروف مؤرخ اور ماہر تعلیم ڈاکٹر علی عثمان قاسمی نے پاکستان کی تاریخ نویسی، نظریاتی بیانیے اور قومی شناخت کے ارتقا پر تفصیلی اظہار خیال کیا۔لاہور یونیورسٹی آف مینجمنٹ سائنسز (لمز) کے گورمانی سینٹر فار لینگویجز اینڈ لٹریچر کے ڈائریکٹر اور شعبہ تاریخ کے پروفیسر ڈاکٹر علی عثمان (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 44)

پاکستان قونصلیٹ دبئی میں نیشنل بینک کی طرف سے پاسبان اسکیم آگاہی سیشن

این بی پی یو ای اے آپریشنز کے بزنس ہیڈ راشد الاسلام صدیقی اور قونصل جنرل دبئی حسین محمد پوری ٹیم کے ہمراہ شریک

کراچی (بزنس رپورٹر) پاسبان ریمی ٹینس ریوارڈ اسکیم سے متعلق متحدہ عرب امارات میں مقیم پاکستانی کمیونٹی کے درمیان آگاہی فراہم کرنے کیلئے نیشنل بینک آف پاکستان کی طرف سے تقریب کا اہتمام کیا گیا۔تقریب میں قونصلیٹ سٹاف بڑی تعداد میں مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی۔اس موقع پر گفتگو کرتے نیشنل بینک آف پاکستان کے یو اے ای آپریشنز کے بزنس ہیڈ راشد الاسلام صدیقی نے (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 42)



کمشنر حسن نقوی کی زیر صدارت ڈپٹی اور اسسٹنٹ کمشنرز کا اجلاس

تمام ڈپٹی کمشنرز، ایڈیشنل کمشنر غلام مہدی شاہ، اسسٹنٹ کمشنر ہیڈ کوارٹرز ذوالجنت کی خصوصی شرکت



کراچی (سٹی رپورٹر) کمشنر کراچی سید حسن نقوی کی زیر صدارت پیر کو ان کے دفتر میں ڈپٹی کمشنرز اور اسسٹنٹ کمشنرز کے ہفتہ وار اجلاس میں پرامس کنٹرول، روڈ سیفٹی، تجاوزات، ہولڈنگ اسٹینڈز اور پیشہ ور گداگروں کے خلاف سمیت مختلف دیگر انتظامی امور کے بارے میں ضلعی انتظامیہ کے افسران کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا۔تمام ڈپٹی کمشنرز، ایڈیشنل کمشنر غلام مہدی شاہ، اسسٹنٹ کمشنر ہیڈ کوارٹرز ذوالجنت نے شرکت (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 43)

سید اویس قادر شاہ سے ملائیشین قونصل جنرل محمد یونس ابراہیم کی ملاقات

پارلیمانی روابط، تجارت، سرمایہ کاری اور سیاحت کے فروغ پر تبادلہ خیال، سکھر و حیدرآباد میں کاروباری مواقع تلاش کرنے کی تجویز

کراچی (بزنس رپورٹر) ملائیشیا کے قونصل جنرل کراچی محمد یونس بن ابراہیم نے اسپیکر سندھ اسمبلی سید اویس قادر شاہ سے سندھ اسمبلی میں ان کے دفتر میں ملاقات کی، جس میں (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 50)



ایم پی پی اور سندھ قومی الائنس کا سندھ کی سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال


کراچی (این این آئی) میری پہچان پاکستان (ایم پی پی) کے سیکریٹری اطلاعات ونشر واشاعت محمد رضوان خان اور عزیر شاہ (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 48)

گڈاپ فارم ہاؤس سے 50 سے زائد موبائل فون چوری کیس میں پیشرفت

کراچی (این این آئی) گڈاپ کے فارم ہاؤس میں ملازمت کی تربیت کا (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 49)

مریم نواز کا اعزاز: اپنی چھت اپنا گھر پر عالمی ایوارڈ جیت لیا

وزیراعلیٰ پنجاب نے مسقط میں یو این ہیبی ٹیٹ سکرول آف آنر ایوارڈ وصول کیا، دنیا بھر میں 5 ممالک کو ایوارڈ ملا



لاہور (بزنس رپورٹر) پنجاب حکومت کے پروجیکٹ "اپنی چھت، اپنا گھر" نے عالمی ایوارڈ جیت لیا، وزیراعلیٰ مریم نواز نے مسقط میں یو این ہیبی ٹیٹ اسکرول آف آنر ایوارڈ وصول کر لیا۔دنیا بھر سے صرف پانچ منتخب ممالک کو یہ ایوارڈ دیا گیا ہے۔ میانمار کے ہٹو ویگ، برازیل کے تھیاگو باؤر مین گبرٹ، تیونس کے عبدالمالک غانم اور لندن کے میئر صادق خان بھی اسکرول (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 51)

بحریہ کالج نے تیسرا حکیم محمد سعید شہید گرلز باسکٹ بال ٹورنامنٹ جیت لیا

جسٹس آف پیس ندیم شیخ نے انعامات تقسیم کئے غلام محمد خان، سید یوسف، اسد عباد علی اور دیگر کی شرکت

کراچی (اسپورٹس ڈیسک) فردوس اتحاد اور کے بی بی اے کے زیر اہتمام ہمدرد فاؤنڈیشن پاکستان کے تعاون سے منعقد ہونے والا نیسر اشہید پاکستان فخر ملت حکیم محمد سعید شہید گرلز باسکٹ بال ٹورنامنٹ انٹر نیشنل عبدالناصر باسکٹ بال کورٹ آرام باغ پر کراچی کی معروف ٹیم بحریہ کالج (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 52)



شاہراہ فیصل کی تزئین و آرائش، تجاوزات کے خاتمے اور سروس روڈز کی بہتری کے اقدامات تیز کرنے کی ہدایت، شاہراہ فیصل کے سروس روڈز پر بے ہنگم پارکنگ کیلئے گرین بیلٹ پر منظم پارکنگ بنانے کا فیصلہ، لنکتی اور غیر فعال کیبلز زیر زمین یا ہٹائی جائیں گی

کراچی (این این آئی) کمشنر کراچی سید حسن نقوی کی زیر صدارت ان کے دفتر میں اجلاس ہوا، جس میں شاہراہ فیصل اور اس سے ملحقہ سروس روڈز کو بہتر بنانے، تزئین و آرائش، تجاوزات کے خاتمے اور خوبصورتی کے منصوبوں پر پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔اجلاس میں ڈپٹی کمشنر شرقی نصر اللہ عباسی، اسسٹنٹ کمشنرز اقرا جنت، جویریہ اشرف اور رابعہ سید، میونسپل کمشنر بلدیہ عظمیٰ کراچی، ٹاؤن میونسپل ایڈمنسٹریٹرز جناح ٹاؤن (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 53)

سوشل اینڈ کمرشل رائونڈاپ

ترتیب: علیم نواب خان

تصاویر: نسیم خان

یو بی جی اور ایف پی سی سی آئی کا بزرگ رہنما عبدالسمیع خان کو لائف ٹائم اچیومنٹ ایوارڈ

ایس ایم تنویر، زبیر طفیل، ظفر بختاوری، خالد تواب، ثاقب فیاض مگوں، مرزا اختیار بیگ، رؤف مختار، اکرام راجپوت، ڈاکٹر زاہد انصاری موجود

عبدالسمیع خان کی بزنس کمیونٹی کے لیے خدمات پچاس سال سے تجاوز کر چکی ہیں، خراج تحسین پیش کرتے ہیں، صدر عاطف اکرام شیخ کا مکالمہ

میرے ان سے پچاس سال سے تعلقات ہیں دیانتدار رہنما ہیں، ظفر بختاوری، عبدالسمیع خان کا یو بی جی اور فیڈریشن سے ایوارڈ پر اظہار تشکر



کراچی (بزنس رپورٹر) ایف پی سی سی آئی کے بزرگ رہنما عبدالسمیع خان کو کاروباری برادری اور ملکی معیشت کے لیے ان کی زندگی بھر کی خدمات کے اعتراف میں لائف ٹائم اچیومنٹ ایوارڈ سے نوازا گیا۔ایف پی سی سی آئی کراچی میں منعقدہ خصوصی تقریب میں سرپرست اعلیٰ یونائیٹڈ بزنس گروپ (یو بی جی) ایس ایم تنویر نے عبدالسمیع خان کو ایوارڈ پیش کیا۔تقریب میں ایف پی سی سی آئی کے سینئر نائب صدر فیاض مگوں، خالد تواب، ڈاکٹر مرزا اختیار بیگ، سیکرٹری جنرل یو بی جی ظفر بختاوری، ممتاز کاروباری شخصیت مظہر اے ناصر ان کے اہلخانہ سمیت کاروباری برادری کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔اس موقع پر ایس ایم تنویر نے کہا کہ عبدالسمیع خان نے اپنی پوری زندگی کاروباری برادری کی خدمت، ایف پی سی سی آئی کے ادارہ جاتی استحکام اور ملکی تجارت و صنعت کے فروغ کے لیے وقف کی، ان کی خدمات نئی نسل کے لیے قابل قدر سرمایہ ہیں۔ فیاض مگوں نے کہا کہ ہم نے ہمیشہ عبدالسمیع کو کاروباری برادری کے مسائل کے حل کے لئے کام کرتے دیکھا ہے ان کی خدمات قابل تحسین ہیں۔خالد تواب نے کہا کہ عبدالسمیع خان نے طویل عرصے تک کاروباری برادری کی مؤثر نمائندگی کی اور صنعت وتجارت کے مسائل کے حل کے لیے اپنا کردار ادا کیا۔ڈاکٹر مرزا اختیار بیگ نے کہا کہ عبدالسمیع خان کی خدمات اور تجربہ کاروباری برادری کا قیمتی اثاثہ ہیں، ان کی جدوجہد کو خراج تحسین پیش کرنا پوری کمیونٹی کے لیے باعث اعزاز ہے۔ظفر بختاوری نے کہا کہ عبدالسمیع خان نے ایف پی سی سی آئی اور کاروباری برادری کے لیے طویل عرصے تک خدمات انجام دیں، لائف ٹائم اچیومنٹ ایوارڈ ان کی خدمات کا، اعتراف ہے انہوں نے کہا کہ میرے پچاس سال سے ان سے تعلقات ہیں دیانتدار رہنما کے طور پر ان کی پہچان ہے۔اس موقع پر عبدالسمیع خان نے ایوارڈ دینے پر ایف پی سی سی آئی اور یو بی جی قیادت کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ یہ اعزاز ان کے لیے باعث مسرت اور حوصلہ افزائی ہے۔انہوں نے کہا کہ انہوں نے ہمیشہ کاروباری برادری کے مفادات اور ملکی معیشت کی بہتری کے لیے اپنا کردار ادا کرنے کی کوشش کی اور آئندہ بھی اپنی استطاعت کے مطابق خدمات جاری رکھیں گے۔

حکومت پاکستان کی اوورسیز پاکستانیوں کیلئے پاسبان ریمیٹنس اسکیم معیشت مضبوط کریگی، راشد الاسلام صدیقی

نیشنل بینک پاکستان امارات کے ہیڈ آف مارکیٹنگ کی جانب سے خصوصی آگاہی مہم کی اہم تقریب منعقد، حکومت پاکستان کو خراج تحسین

مہمان خصوصی مخدوم رئیس قریشی ایڈووکیٹ اور پی آئی اے امارات کے ریجنل منیجر ماجد رفیق تھے، فہد اسد، فراز صدیقی سمیت دیگر شخصیات موجود

دبئی پولیس نے قانونی ذرائع سے رقوم منتقلی اور مقامی قوانین پر پاکستانی محنت کشوں کو آگاہ کیا اور انہیں اہم معلومات فراہم کیں



دبئی (حافظ زاہد علی) حکومت پاکستان کی جانب سے اوورسیز پاکستانیوں کیلئے پاسبان ریمیٹنس ریوارڈ اسکیم متعارف کرادی گئی۔ اس سلسلے میں خصوصی تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں پاکستانی کمیونٹی کے نمائندگان نے شرکت کی۔ نیشنل بینک آف پاکستان کے ریمیٹنس ہیڈ راشد الاسلام صدیقی نے تقریب سے خطاب کیا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اوورسیز پاکستانیوں کو ترسیلات زر بھیجنے پر سالانہ سولہ ارب روپے کے انعامات دے گی۔ انہوں نے بتایا کہ اسکیم کے تحت مسلسل تین ماہ تک کم از کم سو امریکی ڈالر بھیجنے والے پاکستانی قرعہ اندازی میں شامل ہوں گے۔ اس طرح باقاعدگی سے وطن رقم بھیجنے والوں کو انعامات جیتنے کا موقع ملے گا۔ راشد الاسلام صدیقی نے پاسبان اسکیم کے تحت میگا پرائز سمیت ہزاروں انعامات کا اعلان کیا۔ راشد الاسلام صدیقی کے مطابق اسکیم کا سب سے بڑا انعام دس کروڑ روپے مقرر کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ ڈھائی کروڑ اور ایک کروڑ روپے کے انعامات بھی شامل ہیں۔ اسی طرح دس لاکھ روپے مالیت کے متعدد انعامات بھی قرعہ اندازی میں رکھے گئے ہیں۔ مجموعی طور پر ڈھائی ہزار سے زائد انعامات جیتنے والوں میں تقسیم کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پاسبان ریمیٹنس ریوارڈ اسکیم کا مقصد قانونی ذرائع سے ترسیلات زر کی حوصلہ افزائی کرنا ہے۔ اس اقدام سے ملکی زرمبادلہ کے ذخائر مضبوط بنانے میں بھی مدد ملے گی۔ جنوری دو ہزار ستائیس میں اسکیم کی پہلی قرعہ اندازی منعقد ہوگی۔ پہلی قرعہ اندازی میں تقریباً چار ارب روپے کے انعامات تقسیم کیے جائیں گے۔ مخدوم رئیس قریشی اور ماجد رفیق کی خصوصی شرکت، محنت کشوں کیلئے آگاہی مہم بھی جاری۔ تقریب کے مہمان خصوصی ممتاز قانون دان مخدوم رئیس قریشی ایڈووکیٹ تھے۔ اس موقع پر آئی اے امارات کے ریجنل منیجر ماجد رفیق بھی موجود تھے۔ دونوں مہمانوں نے دبئی پولیس کے عہدیداران اور دیگر شرکاء میں انعامات تقسیم کیے۔ اس موقع پر راشد الاسلام صدیقی نے مہمانوں کا پرتپاک استقبال کیا۔ انہوں نے معزز مہمانوں کو گلدستے بھی پیش کیے۔ تقریب میں مختلف فنکاروں نے اپنے فن کا مظاہرہ بھی کیا۔ بعد ازاں محنت کشوں کیلئے قرعہ اندازی کا اہتمام کیا گیا۔ اس دوران قیمتی تحائف بھی خوش نصیب شرکاء میں تقسیم کیے گئے۔ تقریب میں فراز صدیقی، فہد اسد اور دیگر اہم شخصیات نے بھی شرکت کی۔ دبئی پولیس کے نمائندگان بھی ریمیٹنس آگاہی مہم میں شریک ہوئے۔ دبئی پولیس نے قانونی ذرائع سے رقوم منتقلی اور مقامی قوانین پر پاکستانی محنت کشوں کو آگاہ کیا۔ دبئی پولیس کے عہدیداران نے پاکستانی محنت کشوں کو اہم معلومات فراہم کیں۔ انہوں نے دبئی کے قوانین پر عملدرآمد کی اہمیت پر بھی روشنی ڈالی۔



